لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ

سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | بدھ 16 ستمبر 2026ء 1448ھ 3 ربیع الثانی 2 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 234

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

اختیارات کے استعمال میں آئین کو صورت مقدم رکھنا چاہیے

چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت

آئین میں اختیارات اور حدود کا واضح تعین کیا گیا ہے، وفاقی آئینی عدالت آئینی معاملات پر اپنی ذمے داریاں باخوبی نبھا رہی ہے، عدالتی امور میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ضروری ہے

بار اور بینچ کے درمیان تعاون کو فروغ دیا جائے گا، نظامِ انصاف پر عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہیں، چیف جسٹس آئینی عدالت جسٹس امین الدین کا خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ اختیارات کے استعمال میں آئین کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے، آئین میں اختیارات اور حدود کا واضح تعین کیا گیا ہے، وفاقی آئینی عدالت آئینی معاملات پر اپنی ذمے داریاں باخوبی نبھا رہی ہے، عدالتی امور میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ضروری ہے، بار اور بینچ کے درمیان تعاون کو فروغ دیا جائے گا، نظامِ انصاف پر عوام کے اعتماد کو مزید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جماعت کو پرامن احتجاج کی اجازت، تشدد کی نہیں، رانا ثنا اللہ

پسِ پردہ رابطے جاری ہیں، جبکہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے دو مقاصد ہیں، جن میں پہلا بانی پی ٹی آئی کو رہا کرانا اور دوسرا حکومت گرانا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ہر جماعت کو پرامن احتجاج کی اجازت ہے تاہم کسی صورت پرتشدد احتجاج کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ نجی ٹی وی میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ پس پردہ رابطے جاری ہیں، جبکہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اسلامی دنیا کیلئے مثبت پیغام ہے، ترک صدر

سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے مل کر قدم اٹھایا ہے، مثبت پیشرفت ہورہی ہے اور ہم اس میں کامیاب ہوں گے، رجب طیب اردوان

انقرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترک صدر رجب طیب اردوان کا کہنا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اسلامی دنیا کیلئے پیغام ہے، اس کے مثبت اثرات سامنے آئیں گے۔ ترک صدر رجب طیب اردوان نے پیر کو ترکیہ کے صوبے سامسن میں نوجوانوں کے لیے منعقدہ خصوصی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مکہ معاہدے سے متعلق مثبت پیش رفت سے آگاہ کیا۔ رجب طیب اردوان نے کہا کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نیمل کر قدم اٹھایا ہے، مثبت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

اہم خبریں

صدر مملکت سے چین کیلئے نامزد سفیر علی اسد گیلانی کی ملاقات، پاک چین تعلقات سمیت مختلف امور پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان سٹریٹجک باہمی اعتماد برقرار رکھنے اور مزید مضبوط بنانے کے لیے اعلیٰ سطحی تبادلوں کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

سپیکر قومی اسمبلی کی یوگنڈا کے سپیکر سے ملاقات، موسمیاتی تبدیلی، پارلیمانی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوگنڈا کے سپیکر جیکب مارکسز اوبوتھ سے ملاقات کی جو جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن میں جاری 69ویں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال ڈیجیٹل گورننس اور تربیت سے متعلق موضوعاتی فورم سے کلیدی خطاب کرتے ہوئے

تجارت کو متنوع بنانے کیلئے زیادہ سے زیادہ شعبوں اور صنعتوں کو برآمدی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے، روایتی شعبوں کے ساتھ مزید شعبوں کو بھی عالمی منڈیوں میں برآمدات کیلئے تیار کیا جائے، شہباز شریف

معاشی ترقی اور برآمدات بڑھانے کیلئے بڑے اقدامات کیے جائیں

وزیراعظم

عالمی کمپنیوں کو پاکستانی مصنوعات سے روشناس کرانے کے لیے ٹیکسپو (TEXPO)، ہیلتھ انجینئرنگ اینڈ منرلز شو، فوڈ اینڈ ایگریکلچر (FoodAg) اور دیگر شعبوں سے متعلق نمائشیں ملک کے مختلف شہروں میں منعقد کی جارہی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی معاشی ترقی اور برآمدات میں اضافے کے لیے بڑے اقدامات کرنے کا حکم دے دیا۔ ملکی برآمدات بڑھانے اور معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے کے حوالے سے جائزہ اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت ہوا، جس میں انہوں نے ملکی برآمدات میں اضافے کو معاشی ترقی کی بنیاد بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ روایتی شعبوں کے ساتھ مزید شعبوں کو بھی عالمی منڈیوں میں برآمدات کے لیے تیار کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تجارت کو متنوع بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ شعبوں اور صنعتوں کو برآمدی سرگرمیوں میں شامل کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور رافیل گروسی میں رابطہ، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد پر اتفاق

اسحاق ڈار کا اقوام متحدہ سیکریٹری جنرل کے منصب کے لئے رافیل گروسی کی انتخابی مہم کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (اے ایف پی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے آئی اے ای اے کے ڈائریکٹر جنرل رافیل گروسی سے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، دونوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

لیڈرز اِن اسلام آباد بزنس سمٹ کا 9واں ایڈیشن (کل) ہوگا

وفاقی وزرا، عالمی اداروں کے نمائندے اور کاروباری رہنما شریک ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نٹ شیل گروپ کے زیر اہتمام لیڈرز اِن اسلام آباد بزنس سمٹ کا 9واں ایڈیشن جمعرات (کل) 17 ستمبر کو اسلام آباد کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہوگا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وفاقی آئینی عدالت نے سپریم کورٹ سے بانی پی ٹی آئی کے کیس کا ریکارڈ طلب کرلیا

آرٹیکل 175 ای کی ذیلی شق 5 کے تحت وفاقی آئینی عدالت آئینی تشریح کے سوال پر ملک کی کسی بھی عدالت کا ریکارڈ منگوا سکتی ہے، اٹارنی جنرل

سپریم کورٹ میں زیرالتوا کیس تو فوجداری نوعیت کا ہے، ہمارے پاس کیس اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف آیا ہے، سپریم کورٹ کا حکم تو ابھی عبوری ہے، جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے عمران خان کی ہسپتال منتقلی کیس سے جڑے تمام مقدمات کی سماعت کا فیصلہ کرتے ہوئے سپریم کورٹ اور ہائیکورٹس سے ریکارڈ طلب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات

ملاقات کے دوران صوبے کے مجموعی سیاسی حالات، امن وامان، اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہء خیال کیا گیا

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کے مجموعی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ سے وفاقی وزیر مصدق ملک ملاقات کرتے ہوئے

پٹرولیم قیمتوں میں 100 روپے کی ریلیف سے عام آدمی کو کچھ سہولت ملے گی، مصدق ملک

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی شدید متاثر ہورہا ہے، حکومت عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہے، اسی لیے وزیراعظم نے فیول ریلیف سکیم میں سب سے پہلے غریب طبقے کو ترجیح دی ہے

وزیراعظم شہباز شریف کو عوام کی مشکلات کا مکمل ادراک ہے، اِس وقت پٹرول پر 80 روپے لیوی اور 5 روپے کاربن ٹیکس ہے، وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی شدید متاثر ہو رہا، 100 روپے کے ریلیف سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

ملک میں ایف آئی اے اور نیب پر مکمل اعتماد کرنیوالوں کی شرح منتخب اور انتظامی اداروں سے زیادہ ہے، سروے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں ایف آئی اے اور نیب پر مکمل اعتماد کرنے والوں کی شرح منتخب اور انتظامی اداروں سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران پاکستان کی فعال شرکت کیلئے قریبی رابطوں اور تیاری کو یقینی بنایا جائے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ہدایت کی ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے دوران پاکستان کی فعال شرکت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

تاجروں اور دکانداروں کے جائز مسائل اور تحفظات کو بھی حل کیا جارہا ہے، بلال اظہر کیانی

آسان ٹیکس سکیم کا مقصد ٹیکس گزاروں کی تعداد میں اضافہ، ٹیکس کی بنیاد میں وسعت اور ٹیکس وصولیوں میں اضافہ کرنا ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ ومحصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نے تاجر برادری کی مشاورت سے آسان ٹیکس سکیم متعارف کرائی ہے جس کا مقصد ٹیکس کا بوجھ اٹھانے والے افراد کی تعداد میں اضافہ، ٹیکس کی بنیاد میں وسعت اور ٹیکس وصولیوں میں اضافہ کرنا ہے، تاجروں اور دکانداروں کے جائز مسائل اور تحفظات کو بھی حل کیا جا رہا ہے۔ منگل کو یہاں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

لاہور: (دنیانیوز) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کرتے ہوئے

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے چائنہ کے سفیر ملاقات کرتے ہوئے

خواتین کیخلاف جرائم کی تفتیش میں صنفی حساس طریقہ کار اپنایا جائے، سپریم کورٹ

عدالت کا خواتین کے تحفظ کے لیے تفتیش اور عدالتی جانچ کو صنفی حساس انداز میں کرنے پر زور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے خواتین کے خلاف صنفی بنیاد پر جرائم اور گھریلو قتل کے مقدمات میں پولیس تفتیش پر سنگین سوالات اٹھاتے ہوئے قرار دیا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

عمان کی بندرگاہ کے قریب بحری جہاز میں پراسرار آتشزدگی، پاکستانی انجینئر لاپتا

حماد عبیدہ بحری جہاز پر تھرڈ انجینئر تعینات تھے اور 6 ستمبر کو ڈیوٹی کے لیے کراچی سے روانہ ہوئے تھے، اہل خانہ

مسقط (مانیٹرنگ ڈیسک) عمان کی بندرگاہ کے قریب بحری جہاز ال کائیا پر میں پراسرار آتشزدگی کے بعد کراچی سے تعلق رکھنے والے پاکستانی انجینئر حماد عبیدہ تاحال لاپتا ہیں۔ اہلخانہ کے مطابق حماد عبیدہ بحری جہاز پر تھرڈ انجینئر تعینات تھے اور 6 ستمبر کو ڈیوٹی کے لیے کراچی سے روانہ ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

احسان اقبال کی ایس سی او ڈیجیٹل گورننس اور مصنوعی ذہانت کے نیٹ ورک کے قیام کی تجویز، علاقائی اکیڈمی، ڈیجیٹل نظام کے تجربات کے تبادلے، اے آئی فیلوشپس، ذمہ دارانہ ڈیٹا تعاون اور ڈیجیٹل شمولیت کے فروغ پر زور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

فرمائشی اور سستی ایکٹینگ کررہے ہیں، جگہ جگہ گاڑی روک کر عوام کو خوار، یوٹیوبرز اور گارڈز سے خطاب کیا گیا، عظمیٰ بخاری

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی خود پولیس وین میں ٹھمکیں ویڈیو شیئر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

وفاقی حکومت کا پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے باعث اسمارٹ لاک ڈاؤن لگانے کا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے باعث پیٹرولیم اسمارٹ لاک ڈاؤن لگانے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

اسحاق ڈار اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کیلئے امیدوار رافیل گروسی کا ٹیلیفونک رابطہ، خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور آئی اے ای اے کے ڈائریکٹر جنرل اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے لئے امیدوار سفیر رافیل گروسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

سانحہ پمز، 14 نومولود کیوں نہیں بچائے جاسکے؟ انکوائری رپورٹ میں انکشافات

رپورٹ وزیراعظم کے حکم سے جاری کی گئی، آگ لگنے کی وجوہات اور غیر ذمے داریوں کا تفصیلی احاطہ

سنگین حالات میں متعدد اہلکاروں نے فوری اور بہادری سے ممکنہ کارروائی کی، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پمز نرسری آتشزدگی کے واقعے کی تحقیق کیلئے وزیراعظم کی جانب سے تشکیل دی گئی انکوائری کمیٹی کی مکمل رپورٹ جاری کردی گئی۔ یہ رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کے حکم سے جاری کی گئی ہے جس کے مطابق پمز کی ایم سی ایچ نرسری میں لگنے والی آگ کے نتیجے میں 15 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

ملکی بندرگاہی اصلاحات کے نتائج؛ وصولیاں 3 ارب سے بڑھ کر 7 ارب ہوگئیں

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت پاکستانی بحری شعبے میں خود انحصاری اور جدیدیت کا آغاز کردیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت پاکستانی بحری شعبے میں خود انحصاری اور جدیدیت کا آغاز کردیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں بندرگاہی کارکردگی، تجارت اور کارگو کی ترسیل میں نمایاں بہتری آرہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم ٹاسک فورس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

وزیر تجارت سے کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان کی ملاقات

دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

فیپا معاہدہ کینیڈین سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا، کینیڈین ہائی کمشنر کی بات چیت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان نے ملاقات کی۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق منگل کو منعقدہ ملاقات میں پاکستان اور کینیڈا نے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں سرمایہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

حکومت ریلیف کا ڈرامہ بند اور پٹرولیم لیوی کا بھتہ ختم کرے، حافظ نعیم الرحمٰن

جماعت اسلامی 20 ستمبر کو اسلام آباد مارچ کرے گی، مختلف شہروں میں جاری دھرنے بھی ختم نہیں کئے جائیں گے

گزشتہ سال 1567 ارب روپے لیوی جمع کی گئی، لیکن دوسری جانب حکومت پالیسی ریٹ کم کرنے کیلئے تیار نہیں، پاکستان میں ایک متوازی معیشت موجود ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت ریلیف کا ڈرامہ بند اور پٹرولیم لیوی کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

رانا تنویر حسین کا قومی اولیو ویلیو چین کے قیام پر زور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق، رانا تنویر حسین نے اولیو کلچر پراجیکٹ کی پیش رفت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

جرمن کمشنر مذہبی آزادی تھامس ریچل کی سردار محمد یوسف سے ملاقات، اقلیتوں کے حقوق کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے جرمن کمشنر برائے مذہبی آزادی تھامس ریچل نے ملاقات کی، پاکستان میں جرمنی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

وفاقی آئینی عدالت پاکستان میں نئے عدالتی سال 27-2026 کا آغاز

نئے عدالتی سال کا آغاز آئینی ذمہ داری، عدالتی آزادی، شفافیت اور عوامی اعتماد کے استحکام کے پختہ عزم کے ساتھ کیا جارہا ہے، چیف جسٹس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت پاکستان میں نئے عدالتی سال 27-2026 کے آغاز کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت پاکستان امین الدین خان، معزز جج صاحبان آئینی عدالت، محترم رجسٹرار، اٹارنی جنرل پاکستان، وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل، صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن، عدالت کے اعلیٰ افسران و اہلکاران اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

بیک ڈور رابطوں کا ماحول اس مرتبہ کچھ ٹھنڈا ہے، بیرسٹر گوہر علی خان

سہیل آفریدی کو لاہور دورے کے دوران عوام کی کافی پذیرائی ملی، لاہور میں سکیورٹی نہ دینا افسوسناک بات ہے

بانی نے ہی علی امین اور سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ بنایا تھا، مئی 2025 کے بعد ملک وقوم کی سوچ بدلنی چاہیے تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ بیک ڈور رابطوں کا ماحول اس مرتبہ کچھ ٹھنڈا ہے، سہیل آفریدی کو لاہور دورے کے دوران عوام کی کافی پذیرائی ملی، لاہور میں سکیورٹی کے حوالے سے اس مرتبہ ماحول کچھ ٹھنڈا ہے، بات چیت ہونی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق، رانا تنویر حسین سے شوگر ایڈوائزر بورڈ کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

جمہوریت کی کامیابی کیلئے قانون کی عملداری بنیادی امر ہے

مریم نواز

عالمی یوم جمہوریت منانے کا مقصد جمہوری اقدار کی اہمیت اجاگر کرنا ہے، جمہوریت محض سیاسی نظام نہیں بلکہ ترقی میں عوام کے فعال کردار کا مسلسل عمل کا نام ہے

احتساب جمہوریت کا اہم ستون ہے، عالمی یوم جمہوریت پر کرپٹ عناصر کے احتساب کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، پنجاب میں کرپشن کے سدباب کے لئے منظم مہم جاری ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ جمہوریت کی کامیابی کے لئے باشعور عوام، دیانتدار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

وزیر داخلہ محسن نقوی سے لبنانی ہم منصب کی ون آن ون ملاقات

دونوں وزارت داخلہ کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے ایم او یو پر جلد دستخط کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر داخلہ محسن نقوی سے لبنانی ہم منصب نے ون آن ون ملاقات کی جس میں دونوں وزارت داخلہ کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے ایم او یو پر جلد دستخط کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار کی وزارت داخلہ آمد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لبنانی ہم منصب کا پرتپاک استقبال کیا۔ لبنانی وزیر داخلہ نے پاکستانی ہم منصب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

حکومت وکلا برادری کے جائز مسائل کے حل کے لیے اقدامات کررہی ہے، وزیر قانون وانصاف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے مختلف وکلا رہنماؤں نے ملاقات کی، جس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر قومی معیشت کیلئے انتہائی اہم ہیں، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ تقریباً 70 لاکھ بیرون ملک مقیم پاکستانی ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کررہے ہیں، ان کی جانب سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

وزیراعظم کی بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے پیش نظر تمام اداروں کو تیار رہنے کی ہدایت

بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں عوام کو ہر ممکن امداد اور ریلیف فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین نیشنل این ڈی ایم اے کی ملاقات

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں شدید بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے پیش نظر تمام اداروں کو تیار رہنے اور رابطہ سڑکوں اور پلوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم سے چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے ملاقات کی اور حالیہ مون سون سیزن میں شدید بارشوں اور ممکنہ سیلابی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

پشاور: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کررہے ہیں

ساہیوال: کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہو رہا ہے

کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ڈویژن بھر میں ریت کی مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈویژن بھر میں ریت کی مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عدنان رشید اور ریت کے کاروبار سے منسلک افراد نے شرکت کی اجلاس میں ریت کے حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے اجلاس کو ریت کے مقررہ نرخوں اور مارکیٹ میں ان پر عملدرآمد کے حوالے سے آگاہ کیا۔ کمشنر ڈاکٹر آصف

گورنمنٹ گریجویٹ کالج اوکاڑہ میں پروفیسر راؤ محمد اعجاز کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ان کے اعزاز میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ گریجویٹ کالج اوکاڑہ میں پروفیسر راؤ محمد اعجاز کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ان کے اعزاز میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پرنسپل، اساتذہ اور کالج کے دیگر ملازمین نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران پرنسپل اور کالج کے تمام سٹاف نے پروفیسر راؤ محمد اعجاز کی ادارے کے لیے طویل عرصہ تک انجام دی جانے والی خدمات، مثالی قیادت، تعلیمی وابستگی اور انتظامی صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ مقررین نے کہا کہ پروفیسر راؤ محمد اعجاز نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کے دوران نہ صرف ادارے کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا بلکہ طلبہ اور ساتھی اساتذہ کی رہنمائی بھی بھرپور انداز میں کی۔ پرنسپل نے اپنے خطاب میں کہا کہ پروفیسر راؤ محمد اعجاز کی تعلیمی اور انتظامی خدمات کالج کے لیے گراں قدر اثاثہ ہیں۔ انہوں نے اپنی دانشمندی، نظم وضبط، محنت اور خلوص کے ذریعے کئی نسلوں کے طلبہ کے مستقبل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

گورنمنٹ کیپٹن حسنین نواز شہید ایم سی ہائی سکول کے نئے پرنسپل محمد ندیم نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) گورنمنٹ کیپٹن حسنین نواز شہید ایم سی ہائی سکول کے نئے پرنسپل محمد ندیم نے عہدے کا چارج سنبھال لیا، سابق پرنسپل افتخار علوی اور اساتذہ نے پرتپاک استقبال کرتے ہوئے کے صدر رائے نجیب اللہ، گورنمنٹ گورو نانک ہائر سیکنڈری سکول کے پرنسپل عبدالسلام طیب اور ڈپٹی ہیڈ ماسٹر افتخار، سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول چندر نگر راؤ عاطف، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول کینیڈا کالونی فریاد

پھول پیش کیے اور گلپاشی کی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم پنجاب کے احکامات کی روشنی میں محمد ندیم نے گورنمنٹ کیپٹن حسنین نواز شہید ایم سی ہائی سکول ننکانہ صاحب کے پرنسپل کی حیثیت سے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا اس موقع پر ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن ضلع ننکانہ صاحب کے صدر و پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول وار برٹن سٹی علی جہانزیب، سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول کرتار ارشد حسین وٹو اور سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ طاہر ملک ممتاز احمد، پرنسپل محمد ندیم کے بڑے بھائی اور ریٹائرڈ سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر 7 سینی یار محمد سلیم، ریٹائرڈ پرنسپل ادارہ ہذا مرزا محمد سلیم، ریٹائرڈ ٹیچر و سابق صدر ایس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

جمعیت علماء پاکستان نورانی ملک میں مضبوط جمہوری و بلدیاتی نظام کی حامی ہے، نورانی محمد تجمل بیگ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی جنرل سیکرٹری جمعیت علماء پاکستان نورانی محمد تجمل بیگ نے کہا ہے کہ جمعیت علماء پاکستان نورانی ملک میں مضبوط جمہوری و بلدیاتی نظام کی حامی ہے، اور بلدیاتی انتخابات میں بھرپور تیاری کے ساتھ حصہ لینے کے لیے تنظیمی سطح پر مشاورت کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے لاہور میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے منعقدہ ہنگامی اجلاس میں شرکت کی جس میں آئندہ بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں تنظیمی امور اور پارٹی حکمتِ عملی پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس ڈاکٹر ابوالخیر زبیر کی خصوصی ہدایت پر طلب کیا گیا جبکہ ڈاکٹر ابوخیر زبیر نے ٹیلی فونک خطاب کے ذریعے شرکاء کو بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ضروری ہدایات دیں اجلاس میں میاں شبیر شرقپوری صدر پنجاب جمعیت علماء پاکستان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سیموئینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہم ڈسپوزل	9212111
موٹروے پولیس	130
ٹریفک ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	9201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	9204907-08
گورنر ہاؤس	9200087
چیف سیکرٹری، سٹرنگ سیل	9213100
پولیس ہیلپ لائن	9202881
ایڈیشنل چیف سیکرٹری	111-000-118
سول لیس شکایت سنٹر	9211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	9203402-22
میو ہسپتال	9211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	9264091-8
گنگا رام ہسپتال	9200572-9
یو ایچ ایس ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	9923090 1-3
تلمیذ بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

اسکالرز گرامر سکول شیر گڑھ نے ٹاپ کی ریت کو قائم رکھا؛ زرنیشہ عبداللہ اور ام رباب نے شیر گڑھ کے طلباء کو تعلیمی کارکردگی سے مات دیدی

شیر گڑھ (نامہ نگار) اسکالرز گرامر سکول شیر گڑھ نے ٹاپ کی ریت کو قائم رکھا؛ زرنیشہ عبداللہ اور ام رباب نے شیر گڑھ کے طلباء کو تعلیمی کارکردگی سے مات دیدی؛ منسٹر ایجوکیشن سمیت اہم حلقوں کی مبارکباد؛ رپورٹ کیمطابق شیر گڑھ وگردونواح میں ساہیوال بورڈ سے الحاق شدہ، حکومت سے رجسٹرڈ تعلیمی ادارہ SGS فروغ امعیار تعلیم میں عرصہ دراز سے کوشاں ہے اور ہمیشہ ٹاپرز کی لسٹ میں سرفہرست رہا ہے میٹرک میں 1124 نمبرز کے حصول کیبعد کلاس نہم میں حسب سابق امسال بھی اسکالرز گرامر سکول کی ہونہار طالبات جسمیں سائنس گروپ کی طالبہ ام رباب نے 555 نمبرز میں سے 513 جبکہ ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی صدر شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ کی صاحبزادہ زرنیشہ عبداللہ نے کمپیوٹر ڈسپیجیکٹ میں کل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

قاضی ضرغام الحق ایڈووکیٹ اور سینئر صحافی راؤ مشتاق قادر خاں نے برج الیاس پر سابق ایم این اے حلقہ این اے 137 دیپالپور و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں سے تفصیلی ملاقات کی

دیپالپور (امام دین+نامہ نگار) سابق صدر بار دیپالپور، سینئر قاضی ضرغام الحق ایڈووکیٹ اور سینئر صحافی راؤ مشتاق قادر خاں نے برج الیاس پر سابق ایم این اے حلقہ این اے 137 دیپالپور و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں سے تفصیلی ملاقات کی۔

ملاقات میں ملکی سیاسی و معاشی صورتحال، علاقائی امور، امن وامان اور دیگر اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر حاجی راؤ محمد اجمل خاں کی خیریت دریافت کرتے ہوئے ان کے آنکھوں کے کامیاب آپریشن پر انہیں دلی مبارکباد دی گئی اور جلد مکمل صحتیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ان کے صاحبزادے راؤ سعد اجمل خاں کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر بھی مبارکباد پیش کی گئی سینئر قاضی ضرغام الحق ایڈووکیٹ اور سینئر صحافی راؤ مشتاق قادر خاں نے حاجی راؤ محمد اجمل خاں کو پھولوں کا خوبصورت گلدستہ پیش کیا اور ان کی صحت وتندرستی کے لیے دعا کی ملاقات کے دوران ملکی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے شرکاء نے وزیراعظم کے اس مؤقف کو سراہا کہ موجودہ دور کے چیلنجز کا مؤثر مقابلہ کرنے اور ملک کے خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے بنیادی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی کاوشیں قابل قدر ہیں، ضوان حمید بھٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی رضوان حمید بھٹی نے کہا ہے کہ کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی کاوشیں قابل قدر اور قابل تحسین ہیں ان کی سرپرستی اور مسلسل جدوجہد کے باعث ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں انتظامی نظام صفائی ستھرائی بجلی کی بہتر فراہمی شجرکاری اور ماحول دوست اقدامات کے ساتھ ساتھ مختلف بلاکس میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے جس کا بنیادی مقصد ممبران کو ایک بہتر، محفوظ اور پرسکون ماحول فراہم کرنا ہے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے "وی آر فیملی" کا سلوگن دیا ہے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو محض ایک رہائشی منصوبہ سمجھنے کے بجائے اسے ایک خاندان کے تصور کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی ہے امدادِ باہمی کے اس ادارے کا بنیادی جذبہ بھی یہی ہے کہ ''ایک سب کے لیے سب ایک کے لیے'' اور اسی سوچ کو عملی شکل دیتے ہوئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز 2026 کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت وزیراعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز 2026 کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز شائستہ جبین، حبیبہ بلال، شینا اعظم، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر رابعہ رشی، سی او ز ایجوکیشن وقاص احمد گل، سی او ز میونسپل کمیٹیز، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر رابعہ رشی نے وزیراعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز 2026 کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پنجاب یوتھ گیمز میں ضلع بھر کے سکولوں اور کالجز کے طلباء وطالبات کو بھرپور شرکت کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

نوجوان زرعی گریجویٹس کو عملی فیلڈ تجربہ فراہم کرنا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ عائشہ رضوان نے کہا ہے کہ نوجوان زرعی گریجویٹس کو عملی فیلڈ تجربہ فراہم کرنا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے، تاکہ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ جدید زرعی طریقوں کو فروغ اور کسان برادری کو بہتر خدمات فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار دفتر ڈپٹی کمشنر چنیوٹ میں وزیراعلیٰ پنجاب انٹرن شپ سکیم برائے زرعی گریجویٹس (ISAG) 2026-27 کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ضلع چنیوٹ سے تعلق رکھنے والے سکیم کے تحت منتخب ہونے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

ہارون آباد خوش آمدید ڈاکٹر عدیل اقبال لالیکا ہارون آباد کے لیے ایک خوش آئند اضافہ

ہارون آباد۔ (تحصیل رپورٹر) ہارون آباد خوش آمدید ڈاکٹر عدیل اقبال لالیکا ہارون آباد کے لیے ایک خوش آئند اضافہ ڈاکٹر عدیل اقبال لالیکا نے سرجری کا خصوصی کورس مکمل کرنے کے بعد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ہارون آباد میں دوبارہ اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ یہ ہارون آباد کے شہریوں کے لیے یقیناً ایک خوش آئند خبر اور قابلِ مسرت موقع ہے۔ ڈاکٹر عدیل اقبال لالیکا کی پیشہ ورانہ مہارت، تجربے اور سرجری کے شعبے میں حاصل کردہ خصوصی تربیت سے ہارون آباد کے عوام یقیناً بھرپور استفادہ کریں گے۔ ایک ماہر سرجن کی موجودگی نہ صرف مریضوں کے لیے علاج کی بہتر سہولت کا باعث بنتی ہے بلکہ لوگوں کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

محفوظ پنجاب ویژن: ساہیوال میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائی کا عندیہ

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پنجاب کے ویژن "محفوظ پنجاب" کے تحت ڈی آئی جی ٹریفک پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی ہدایات پر ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا اس سلسلہ میں ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ساہیوال مرزا تنویر بیگ نے رکشہ ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی بریفنگ کے دوران رکشہ ڈرائیورز کو پارکنگ قوانین کی پابندی، دورانِ ڈرائیونگ موبائل فون کے استعمال سے اجتناب، اوور اسپیڈنگ سے گریز، زیبرا کراسنگ کے استعمال اور ٹریفک سگنلز کی پابندی کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ سکول آنے جانے والے طلبہ کی اوورلوڈنگ سے اجتناب اور رکشوں میں غیر محفوظ سلنڈر کے استعمال کے حوالے سے بھی خصوصی ہدایات جاری کی گئیں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر مرزا تنویر بیگ نے کہا کہ رکشہ ڈرائیورز مقررہ رفتار کی پابندی کرتے ہوئے ٹریفک سگنلز اور زیبرا کراسنگ کے قوانین پر لازمی عملدرآمد کریں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

درباریِ عالیہ بابا شاہ جمال، جبوکا کے گدی نشین پیر سید اصغر شاہ ودیگر کا گروپ فوٹو

بزرگانِ دین کی تعلیمات امن، محبت اور دلوں کو جوڑنے کا درس دیتی ہیں: پیر سید اصغر شاہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ دربارِ عالیہ بابا شاہ جمال، جبوکا کے گدی نشین پیر سید اصغر شاہ نے سید والا میں منعقدہ محفلِ ذکر سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بزرگانِ دین کی تعلیمات کا بنیادی مقصد امن و آشتی کا فروغ، دلوں کو جوڑنا اور معاشرے سے نفرتوں کا خاتمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ان تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے معاشرے میں محبت، بھائی چارے اور رواداری کو فروغ دینا چاہیا نہوں نے کہا کہ ذکرِ الٰہی اور نیک لوگوں کی صحبت انسان کے دل کو سکون عطا کرتی ہے اور معاشرے میں محبت واخوت کی فضا قائم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ باہمی اختلافات ختم کر کے ایک دوسرے کے قریب آنا اور محبت و بھائی چارے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہیاس موقع پر رائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ایپسا سیالکوٹ کے رہنماؤں کی چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ سعید اصغر کے ساتھ خصوصی نشست

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایپسا سیالکوٹ کے رہنماؤں کی چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ سعید اصغر کے ساتھ خصوصی نشست پرائیویٹ تعلیمی سیکٹر کے حقوق، باہمی تعاون اور تدریسی معیار کی بلندی کی جانب ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ صدر ایپسا ایم عابد ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری قربان انور گوندل، سرپرست اعلیٰ سیف اللہ بٹ، رانا ظفر، میاں عدنان افضل، آفاق کے سینئر زونل ہیڈ عنایت رسول، آفاق یونیفارم ڈائریکٹرز یاسر وحسن صاحبان اور پرنسپل دی آئیڈیل سکول سسٹم سمیع گوندل سمیت دیگر جید ماہرینِ تعلیم پر مشتمل وفد نے اس اجلاس کے دوران نجی تعلیمی اداروں کو درپیش دیرینہ اور روزمرہ مسائل کو پورزور انداز میں اجاگر کیا۔ ایپسا کا بنیادی منشور اور مقصد ضلع سیالکوٹ میں معیاری تعلیم کا فروغ، پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کے درمیان مضبوط اور پائیدار روابط کا قیام اور نجی اسکولوں کے جائز تحفظات کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں کے دفتر میں تحصیل بھر کے نمبرداران سے تعارفی ملاقات کی

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں کے دفتر میں تحصیل بھر کے نمبرداران سے تعارفی ملاقات کی تحصیل نوشہرہ ورکاں کے نمبرداران نے چیرمین آل پاکستان نمبرداران ایسوسی ایشن چیرمین تحصیل نوشہرہ ورکاں چوہدری شہزاد شوکت گورایہ نمبردار۔ محمد اسلم گجر نمبردار کی قیادت میں نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال سے دفتر اسسٹنٹ کمشنر میں تعارفی ملاقات کی جن میں چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار۔ شوکت بھٹی۔ امجد بھٹی۔ تحریم رضا سیکھو۔ سلمان سیکھو۔ محمد علی۔ میاں ارشد۔ محمد شریف گجر۔ حاجی طارق محمود تارڑ۔ شوکت بھٹی۔ رانا دلشاد فیصل سویا۔ رانا عبدالقیوم۔ سردار ڈوگر۔ صابر گجر سمیت تحصیل بھر سے

کثیر تعداد میں نمبرداران نے شرکت کی اسسٹنٹ کمشنر نے نمبرداران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نمبردار ہماری ٹیم کا حصہ ہیں ہم نمبرداروں کو ساتھ لیکر چلیں گئے نمبردار اپنے اپنے علاقے کی معزز شخصیت ہیں اپ کو عزت دی جائے گی میں نے اپنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

مزید صوبے بنانے کے بجائے مقامی حکومتوں اور بلدیاتی نظام کو مضبوط اور بااختیار بنانے کی اشد ضرورت ہے، ہمایوں اختر خان

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ اس وقت پاکستان کو مزید صوبے بنانے کے بجائے مقامی حکومتوں اور بلدیاتی نظام کو مضبوط اور بااختیار بنانے کی اشد ضرورت ہے۔ جمہوری اور انتظامی ڈھانچے کو نچلی سطح تک فعال بنائے بغیر عوام کے بنیادی مسائل حل نہیں کیے جا سکتے۔ بلدیاتی نمائندے ہی عوام کے حقیقی ترجمان ہوتے ہیں جو روزمرہ کے مسائل، صفائی، تعلیم، صحت اور پانی کی فراہمی جیسے اہم شعبوں پر براہِ راست نظر رکھتے ہیں۔ جب تک اختیارات اور وسائل نچلی سطح تک منتقل یقینی نہیں بنائی جائے گی، تب تک صوبائی اور وفاقی حکومتوں پر غیر ضروری دباؤ برقرار رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان ویسٹ پنجاب کے جنرل سیکرٹری مرزا اویس بیگ کی دعوت ولیمہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا کہ موجودہ سیاسی ومعاشی صورتِ حال نئے صوبوں کے قیام کی متقاضی نہیں ہے۔

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ میں آج بروز بدھ (16 ستمبر 2026) کو ایک خصوصی مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال نوشہرہ میں آج بروز بدھ (16 ستمبر 2026) کو ایک خصوصی مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے ایم ایس ڈاکٹر ثوبیہ جاوید ملک کی زیر نگرانی منعقد ہونے والے اس کیمپ میں عوام الناس کو متعدد مفت طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی؟ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق کیمپ میں ٹی بی (تپ دق) کی تشخیص ؟ص کے لیے ایکسرے (Ray-X) کی سہولت بالکل مفت دستیاب ہوگی اس کے علاوہ پرانی یا دائمی کھانسی، بھوک نہ لگنے اور وزن میں مسلسل کمی کا شکار مریضوں کا تفصیلی معائنہ اور طبی مشورہ فراہم کیا جائے گا؟ تمام شہریوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ کیمپ کے اوقات کار صبح 8:00 بجے سے دوپہر 1:00 بجے تک ہوں گے۔

جاری ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر اور معیارِ پر کسی قسم کا سمجھوتا اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، میاں محمد منیر

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) جاری ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر اور معیارِ پر کسی قسم کا سمجھوتا اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی میاں محمد منیر ایم پی اے نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور حلقہ کی عوام کے لیے

تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن ضلع اوکاڑہ کے صدر میاں محمد منیر ایم پی اے نے میاں نواز شریف روڈ اور 27 والا روڈ پر سیوریج لائن بچھانے کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اس موقع پر میاں نبیل منیر مسلم لیگی رہنما طارق جاوید چوہدری میاں فرمان الٰہی سہیل اشرف ودیگر موجود تھے میاں محمد منیر ایم پی اے نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور حلقہ کی عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کے لیے عوامی فلاح و بہبود کے جاری ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر اور معیارِ پر سمجھوتا اور کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی میاں محمد منیر ایم پی اے نے میاں نواز شریف روڈ کی تعمیر اور سیوریج لائن بچھانے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

جمبر میں بجلی کے نظام میں جاری خرابیوں اور بار بار پیدا ہونے والے فنی مسائل کے حوالے سے مرکزی پریس کلب جمبر کی مسلسل آواز بالآخر رنگ لے آئی



جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) جمبر میں بجلی کے نظام میں جاری خرابیوں اور بار بار پیدا ہونے والے فنی مسائل کے حوالے سے مرکزی پریس کلب جمبر کی مسلسل آواز بالآخر رنگ لے آئی مرکزی پریس کلب جمبر کی جانب سے بجلی کے نظام میں موجود خرابیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے متعلقہ حکام تک عوامی مشکلات پہنچائی جاتی رہیں جس کے نتیجے میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے مرکزی پریس کلب جمبر کی جانب سے پہلے ہی نشاندہی کی گئی تھی کہ جمبر کے بجلی کے نظام میں بار بار پیدا ہونے والے مسائل کی بنیادی وجوہات میں ریلے سسٹم کی خرابی بھی شامل ہے اس معاملے پر مرکزی پریس کلب جمبر کی مسلسل کاوش اور مؤثر آواز پر ایجوکیشن منسٹر پنجاب رانا سکندر حیات نے فوری ایکشن لیتے ہوئے مسئلہ ہنگامی بنیادوں پر حل کروانے کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کی تھیں ریلے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

چیمبر آف کامرس کے کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ ممبران کے انتخابات مکمل، تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ ممبران کے انتخابات مکمل ہو گئے ہیں۔ تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کی نشستوں کے لیے میدان 29 ستمبر 2026 کو سجے گا۔ اوکاڑہ چیمبر کے آئندہ سال 2026 تا 2028 کے لیے منتخب ایگزیکٹو ممبران چیمبر کے عہدیداران صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کا انتخاب کریں گے، حتمی نتائج کا اعلان 30 ستمبر 2026 کو کیا جائے گا۔ ان انتخابات میں آئندہ سال کے لیے کارپوریٹ کلاس میں بلا مقابلہ منتخب ہونے والے اراکین میں فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ چوہدری محمد ارشد اقبال، چوہدری نوید احمد، چوہدری احمد عبداللہ، چوہدری رضا شاہد، محمد آغا، شیخ ثاقب اشرف، شیخ محمد احمد، احسن علی، محمد دقاص، محمد کاشف، عدنان نواز، خالد محمد ذیشان زمان اور محمد ابرار حسین شامل ہیں۔

موٹر سائیکلوں کے دو حادثات میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک خاتون سمیت پانچ افراد شدید زخمی

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) موٹر سائیکلوں کے دو حادثات میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک خاتون سمیت پانچ افراد شدید زخمی ہو گئے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں پر زخمیوں کی حالت بھی تشویشناک بتائی جا رہی ہے دونوں حادثات شیر گڑھ میں ہوئے تفصیلات کے مطابق رینالہ خورد کے نواحی علاقے شیر گڑھ کے قریب بونگہ سوڈی والا کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث دو موٹر سائیکلیں آپس میں خوفناک تصادم کا شکار ہو گئیں، حادثے کے نتیجے میں 60 سالہ حاجی رفیق اور نوجوان تفلین موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک خاتون سمیت تین افراد شدید زخمی ہوئے جبکہ دوسرا حادثہ دو موٹر سائیکلوں کے درمیان رورل ہیلتھ سنٹر شیر گڑھ کے سامنے ہوا جسمیں عبدالرحمان اور اسکا ایک ساتھی زخمی ہو گیے جنہیں طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے، شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے جاں بحق افراد کی میتیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ضلع بھر میں پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر ضلع بھر میں پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ رجوعہ سب انسپکٹر مدثر شہباز نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے سات جواری ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ملزمان بذریعہ گیند گلاس چک نمبر 132 میں جواء کھیل رہے تھے ملزمان کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم برآمد کر لی گئی۔

امین پور روڈ پر لنگر آنہ کے قریب ایک سڑک حادثے میں دو افراد شدید زخمی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) امین پور روڈ پر لنگر آنہ کے قریب ایک سڑک حادثے میں دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ تیز رفتار دو موٹر سائیکلوں کے درمیان آمنے سامنے تصادم کے باعث پیش آیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر ریسپانس کیا۔ حادثے کے نتیجے میں دونوں موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہو گئے۔

جامعہ ابی ہریرہ میں چھٹی سالانہ تاجدار ختم نبوت کانفرنس، 15 حفاظ کی دستار بندی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + نامہ نگار) جامعہ ابی ہریرہ فیصل کالونی اوکاڑہ میں چھٹی سالانہ تاجدار ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس بسلس

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

کیپٹن (ر) سہیل چوہدری نے آئی جی اسلام آباد کا چارج سنبھال لیا

نئے آئی جی اسلام آباد کی سنٹرل پولیس آفس آمد، افسران و جوانوں کی جانب سے پرتپاک استقبال۔سنٹرل پولیس آفس میں کمان تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد

اسلام آباد: کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے بطور آئی جی اسلام آباد اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

اسلام اباد (کرائم رپورٹر جمشید تفیق) کیپٹن محمد سہیل چوہدری نے بطور آئی جی اسلام آباد اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔نئے آئی جی اسلام آباد کی سنٹرل پولیس آفس آمد، افسران و جوانوں کی جانب سے پرتپاک استقبال۔سنٹرل پولیس آفس میں کمان تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔کیپٹن محمد سہیل چوہدری نے باقاعدہ طور پر آئی جی اسلام آباد کا چارج سنبھال لیا۔آئی جی اسلام آباد کی آمد پر پولیس کے چاق و چوبند دستے کی جانب سے سلامی پیش کی گئی۔کیپٹن محمد سہیل چوہدری نے پولیس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1 2)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافے نے غریب عوام کا بھرکس نکال دیا ہے، ارحم ادریس باجوہ ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ارحم ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافے نے غریب عوام کا بھرکس نکال دیا ہے مہنگائی کے ہاتھوں پہلے ہی پریشان عوام پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کسی نئے معاشی بوجھ سے کم نہیں جس کے براہ راست اثرات اشیاء ضروریہ ٹرانسپورٹ، کاروبار اور روزمرہ زندگی پر مرتب ہو رہے ہیں۔

سیالکوٹ: ''ستھرا پنجاب'' عملہ کی ناقص کارکردگی، جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہیں

ستھرا پنجاب اور واسا کی کارکردگی پر سوالیہ نشان، بلدیاتی انتخابات کی سیاسی گہما گہمی کے دوران صفائی کا نظام شدید متاثر ہونے لگا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ستھرا پنجاب اور واسا کی کارکردگی پر سوالیہ نشان، بلدیاتی انتخابات کی سیاسی گہما گہمی کے دوران صفائی کا نظام شدید متاثر ہونے لگا۔شہریوں کا کہنا ہے کہ صفائی کے ذمہ دار عملے کو عوامی علاقوں کے بجائے بااثر افراد اور وڈیروں کے ڈیروں کی صفائی میں مصروف کر دیا گیا ہے، جبکہ دوسری جانب شہر کی اہم شاہراہیں اور گلیاں کوڑے کے ڈھیروں کا منظر پیش کر رہی ہیں۔(باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

8 کروڑ روپے مالیت کی سرکاری زمین فروخت

8 کے بی کے رہائشی محمد عدیل ولد محمد حسین گھمیر نے 15 مرلے زمین جس میں دو کمرشل دکانیں بھی شامل ہیں 16 لاکھ روپے میں نمبردار فیاض میکن کے ماموں عزت بیگ ولد بہادر علی میکن کو فروخت کر دی

پاکپتن (وقار فرید جگنو سے) نواحی گاؤں 8 کے بی میں مبینہ ملی بھگت سے کروڑوں روپے مالیت کی سرکاری زمین فروخت ہونے لگی سیاسی سماجی حلقوں کا اظہار تشویش، تفصیلات کے مطابق تھانہ کلیانہ کے علاقہ 8 کے بی میں مبینہ ملی بھگت سے کروڑوں روپے کی سرکاری اراضی کی خرید و فروخت ہونے لگی، بتایا گیا ہے کہ 8 کے بی کے رہائشی محمد عدیل ولد محمد حسین گھمیر نے 15 مرلے زمین جس میں دو کمرشل دکانیں بھی شامل ہیں 16 لاکھ روپے میں نمبردار فیاض میکن کے ماموں عزت بیگ ولد بہادر علی میکن کو فروخت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2 3)

نامعلوم چور محنت کش ریاست علی ولد حسن علی قوم سیال کے گھر سے 12 لاکھ روپے نقدی اور تقریباً 2 لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات چوری کر کے فرار

شیر گڑھ (نامہ نگار) شیر گڑھ کے نواحی گاؤں 20 ڈی میں نقب زنی کی بڑی واردات نامعلوم چور محنت کش ریاست علی ولد حسن علی قوم سیال کے گھر سے 12 لاکھ روپے نقدی اور تقریباً 2 لاکھ روپے مالیت کے طلائی زیورات چوری کر کے فرار ہو گئے متاثرہ خاندان کے مطابق واردات کے بعد 15 پر اطلاع دی گئی ایس ایچ او تھانہ شیر گڑھ عدنان رفیق کی سربراہی میں پولیس موقع پر پہنچی۔ چوری کی بڑی واردات کے باعث علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ متاثرہ خاندان اور اہل علاقہ نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واردات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے مسروقہ نقدی و طلائی زیورات برآمد کیے جائیں اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2 7)

عیسائی خاتون نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) عیسائی خاتون نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔تفصیلات کے مطابق دارالعلوم جامعہ حنفیہ دو دروازہ سیالکوٹ میں جانشین شیخ الحدیث صاحبزادہ حامد رضا کے ہاتھ پر عیسائی خاتون زویا دختر صابر مسیح سکنہ کھروٹہ سیداں تحصیل و ضلع سیالکوٹ نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیا ہے جس کا نیا اسلامی نام زویا رکھا گیا ہے۔

62 ایس پی کا نمبردار علی طارق نے بیوہ خاتون کے رشتہ داروں سے ساز باز ہو کر وراثتی جائیداد ہتھیانے کیلئے حقیقی بیٹے کو لے پالک بنا دیا

پاکپتن (نامہ نگار) 62 ایس پی کا نمبردار علی طارق نے بیوہ خاتون کے رشتہ داروں سے ساز باز ہو کر وراثتی جائیداد ہتھیانے کیلئے حقیقی بیٹے کو لے پالک بنا دیا، عدالت نے صادق امین نہ ہونے پر نمبرداری منسوخی کے احکانات صادر کر دیئے تفصیلات کے مطابق پاکپتن کے نواحی گاؤں کی رہائشی بیوہ صغراں بی بی بیوہ منظور احمد کے جیٹھ غلام فرید وغیرہ نے جائیداد ہتھیانے کیلئے بیوہ صغراں بی بی کے حقیقی بیٹے کو لے پالک ظاہر کر دیا، نمبردار اور امام مسجد نے بھی مبینہ ساز باز ہو کر پیدائش سرٹیفکیٹ پر اپنے کیے گئے دستخط جعلی قرار دے دیئے بیوہ صغراں بی بی نے اینٹی کرپشن میں درخواست گزاری جس پر نمبردار علی طارق کے دستخط فرانزک لیب میں بھجوائے گئے جو کہ جو پیدائش سرٹیفکیٹ پر درست ثابت ہوئے، بیوہ خاتون کی جائیداد کے ایک کیس کی سماعت کے دوران بعد الت عدالت جناب ایڈیشنل کمشنر ریونیو محمد خالد ساہیوال ڈویژن کیمپ نے نمبردار علی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

سی ای او ایجوکیشن پاکپتن کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، جہانگیر احمد وٹو

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سماجی اور ادبی شخصیت، نیشنل ایجوکیشن اسمبلی کا ایجوکیشنلسٹ ایم پی اے میاں جہانگیر احمد وٹو نے کہا ہے، سی ای او ایجوکیشن پاکپتن کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول پاکپتن شریف میں 2 کروڑ سے زائد ٹھیکہ کے دوران سکول میں 13 نقائص پر مشتمل ناقص میٹریل اور غیر معیاری کام کرنے پر سی ای او ایجوکیشن شازیہ رفیو نے ٹھیکیدار کے خلاف بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کو انکوائری اور بلڈنگ انکوائری رپورٹ کیلیے 25 اگست 2026 کو لیٹر لکھ دیا، ٹھیکیدار نے کاروائی اور ریکوری سے بچنے کیلیے الٹا جھوٹا وقوعہ بنا کر اینٹی کرپشن میں پرچہ کروا دیا، انہوں نے کہا کہ کیا اس ملک میں ایماندار افسران اور اساتذہ کی یہی عزت ہے کہ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے، سی ای او ایجوکیشن، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

ڈسکہ شہر میں لگے فلٹریشن پلانٹ زبوں حالی کا شکار، فلٹر تبدیل نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکین آلودہ پانی پینے پر مجبور

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر میں لگے فلٹریشن پلانٹ زبوں حالی کا شکار، فلٹر تبدیل نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکین آلودہ پانی پینے پر مجبور ہو گئے، سابق دور اقتدار میں علاقہ مکینوں کو صاف پانی مہیا کرنے کیلئے فلٹریشن پلانٹ لگائے گئے تھے، سابق دور اقتدار میں لگائے گئے فلٹریشن پلانٹس کی مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے فلٹریشن پلانٹ زبوں حالی کا شکار ہو گئے ہیں، فلٹریشن پلانٹس کے فلٹر تبدیل نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکین آلودہ پانی پینے پر مجبور ہیں۔

بس کے نیچے آ کر 21 سالہ طالبعلم جاں بحق، پولیس مصروف تفتیش

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) بس کے نیچے آ کر 21 سالہ طالبعلم جاں بحق، پولیس مصروف تفتیش، مندرانوالہ کا 21 سالہ طالبعلم محمد سبحان ولد عمران احمد قوم جٹ ساہی اپنے دوستوں کے ساتھ سیالکوٹ کالج جانے کیلئے راجہ بس پر سوار ہو رہا تھا کہ ڈرائیور نے بس چلا دی جو توازن برقرار نہ رکھتے ہوئے بس سے نیچے گر گیا اور بس کے پچھلے ٹائر کے نیچے آ کر کچلا گیا اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گیا متوفی محمد سبحان کی نعش کو پوسٹ مارٹم کیلئے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

مخلوق خدا کی خدمت عظیم نیکی ہے اللہ تعالیٰ کا قرب خلق خدا کی خدمت میں ہی ہے، حاجی نور حسین



شیر گڑھ (نامہ نگار) مخلوق خدا کی خدمت عظیم نیکی ہے اللہ تعالیٰ کا قرب خلق خدا کی خدمت میں ہی ہے۔ان خیالات کا اظہار سربراہ الشفاء سوسائٹی حاجی نور حسین نے صدر شیر گڑھ الیکٹرانک میڈیا عارف علی شاہین سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ غریب نادار اور مستحق لوگوں کی مدد کر کے دلی سکون ملتا ہے ہم الشفاء سوسائٹی کے زیر اہتمام ہسپتال، لنگر خانہ اور بے گھر لوگوں کو گھر بنا کر دینے کا پروگرام شروع کر رکھا ہے الشفاء ہسپتال اختر آباد میں روزانہ سینکڑوں کی تعداد میں مریضوں کا مفت علاج ہو رہا ہے اب تک متعدد بیواؤں اور غریبوں کو گھر بنا کر دے چکے ہیں۔انہوں نے مزید (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2 4)

چوہدری طارق سبحانی، ایم پی اے وچیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کا سیف سٹی ہیڈ کوارٹر کا دورہ

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) چوہدری طارق سبحانی، ایم پی اے و چیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کا سیف سٹی ہیڈ کوارٹر کا دورہ، چوہدری طارق سبحانی، ایم پی اے و چیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی نے سیف سٹی سیالکوٹ ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا۔اس موقع پر آپریشنز کمانڈر سیف سٹی سیالکوٹ ڈی ایس پی ساجد حمید ورک نے ان کا استقبال کیا۔انہیں سیف سٹی کے جدید مانیٹرنگ و نگرانی کے نظام، وی ڈبلیو پی ایس، وی سی سی ایس، سمارٹ ویژن، اور پبلک سیفٹی ایپ سمیت مختلف اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کوریج والے علاقوں میں جرائم کی شرح میں 84 فیصد کمی واقع ہوئی ہے، جو سی سی ڈی، پنجاب پولیس اور سیف سٹی کی مشترکہ کاوشوں اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کا نمایاں ثبوت ہے۔ چوہدری طارق سبحانی نے سیف سٹی سیالکوٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

چوہدری طارق سبحانی، ایم پی اے وچیئرمین پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی سیف سٹی ہیڈ کوارٹر کا دورہ کرتے ہوئے

مرکزی تاجر اتحاد کی اسسٹنٹ کمشنر سے بلا امتیاز کارروائی کی اپیل

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) صدر مرکزی تاجر اتحاد کوٹ رادھا کشن کے میاں محمد اعظم راجو نے اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن سے خصوصی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ناجائز تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کو بلا امتیاز اور مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے۔انہوں نے یاد دلایا کہ سابقہ اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ کے دور میں شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا تھا، جسے عوام نے سراہا۔ موجودہ انتظامیہ سے بھی توقع ہے کہ اسی جذبے کے ساتھ کارروائی جاری رکھی جائے۔صدر مرکزی تاجر اتحاد کوٹ رادھا کشن نے کہا کہ بازاروں میں تھڑیوں اور غیر ضروری سیڑھیوں کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2 9)

انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔فیصل ولید

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) انتظامیہ کا بنیادی مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔فیصل ولید۔اسسٹنٹ کمشنر فیصل ولید نے بہاولنگر میں اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ طور پر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔قبل ازیں فیصل ولید اسسٹنٹ کمشنر دنیا پور کے فرائض سرانجام دے رہے تھے، جہاں انہوں نے انتظامی امور، عوامی مسائل کے حل اور حکومتی ہدایات پر عملدرآمد کے حوالے سے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔چارج سنبھالنے کے بعد اسسٹنٹ کمشنر فیصل ولید نے دفتر کے مختلف شعبوں کا جائزہ لیا اور افسران و عملے سے ملاقات کرتے ہوئے دفتری امور، عوامی سہولیات اور جاری انتظامی سرگرمیوں کے بارے میں بریفنگ لی۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تحصیل میں قانون و ضابطے کی پاسداری، عوامی مسائل کا بروقت ازالہ، سرکاری اداروں کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3 0)

چودھری محمد خالد ٹرپل ایس کیمسٹری کو بطور پرنسپل گورنمنٹ ستلج ہائی سکول اوکاڑہ تعینات ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی

رینالہ خورد (آصف شہزاد جٹ+سرفراز انجم سے) ماہر تعلیم، معروف سماجی و تعلیمی شخصیت چودھری محمد خالد ٹرپل ایس کیمسٹری کو بطور پرنسپل گورنمنٹ ستلج ہائی سکول اوکاڑہ تعینات ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی۔اس موقع پر حاجی غلام سرور، سابق AEO، پروفیسر شفیق احمد، پرنسپل، معروف صحافی نور احمد نوری اور چودھری ذوالفقار علی نے ان کی خدمت میں پھولوں کی مالا پہنائی، گلدستہ پیش کیا اور انہیں اس اہم ذمہ داری پر مبارکباد دی۔شرکاء نے چوہدری محمد خالد صاحب کی محکمہ ؟ تعلیم کے لیے طویل، شاندار اور قابل قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی علمی، انتظامی، سماجی اور اخلاقی خدمات کو سراہا چوہدری محمد خالد صاحب ایک انتہائی محنتی، قابل، بااصول، ملنسار اور طلبہ کے خیر خواہ ماہر تعلیم ہیں۔سابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ کی حیثیت سے بھی انہوں نے اپنی بہترین انتظامی صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ کیا۔بطور پرنسپل گورنمنٹ ستلج ہائی سکول اوکاڑہ ان کی ثابت قدم قیادت، بہترین پلاننگ، مؤثر مینجمنٹ، مضبوط ڈسپلن اور کوالٹی ایجوکیشن کے لیے کاوشیں طلبہ کے روشن مستقبل کے لیے نہایت اہم ثابت ہوں گی۔ شرکاء نے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں اور تجربے سے ادارے میں مزید تعلیمی بہتری، نظم و ضبط اور طلبہ کی ہمہ جہت تربیت کے لیے نمایاں خدمات سرانجام دیں گے اس موقع پر تمام احباب نے چوہدری محمد خالد کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس نئی ذمہ داری میں ثابت قدمی، استقامت اور کامیابی عطا فرمائے۔

خاتون کا پولیس وین کے ساتھ ویڈیو بنانے کا معاملہ، ڈی پی او سیالکوٹ کا نوٹس، ڈرائیور کانسٹیبل معطل۔۔ٹک ٹاکر پر مقدمہ درج

سیالکوٹ (میاں عامر مٹھو) خاتون کا پولیس وین کے ساتھ ویڈیو بنانے کا معاملہ، ڈی پی او سیالکوٹ کا نوٹس، ڈرائیور کانسٹیبل معطل۔۔ٹک ٹاکر پر مقدمہ درج تھانہ مراد پور کی پولیس وین جو تھانے کی پارکنگ میں کھڑی تھی کے ساتھ خاتون کی جانب سے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر اپلوڈ کرنے کے معاملے کا ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے سخت نوٹس لے لیا۔ابتدائی معلومات کے مطابق محلہ کریم پورہ، دبرجی آرائیاں کی رہائشی۔۔۔۔۔۔۔ نے مبینہ طور پر خود کو پولیس اہلکار ظاہر کرنے اور اس حیثیت کا ناجائز فائدہ اٹھانے کی غرض سے تھانہ مراد پور کی پولیس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر میپنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کا مختلف علاقوں کا دورہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر میپنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی نے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا انہوں نے مختلف مقامات پر جاری صفائی آپریشن کا معائنہ کرتے ہوئے صفائی کے معیار، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3 2)

کیمسٹ ایسوسی ایشن حجرہ شاہ مقیم کا اہم اجلاس، ڈاکٹر حافظ سخاوت علی کمبوہ پر بھرپور اعتماد کا اظہار

حجرہ شاہ مقیم (سردار محمد اشفاق) کیمسٹ ایسوسی ایشن حجرہ شاہ مقیم کا اہم اجلاس، ڈاکٹر حافظ سخاوت علی کمبوہ پر بھرپور اعتماد کا اظہار تفصیلات کے مطابق کیمسٹ ایسوسی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3 3)

کیمسٹ ایسوسی ایشن حجرہ شاہ مقیم کا اہم اجلاس، ڈاکٹر حافظ سخاوت علی کمبوہ پر بھرپور اعتماد کا اظہار

صوبائی محتسب اعلیٰ کی ٹیم گھر کی دہلیز پر پہنچ کر انصاف فراہم کر رہی ہے، شاہد اسلام ایڈووکیٹ

شیر گڑھ (نامہ نگار) صوبائی محتسب اعلیٰ کی ٹیم گھر کی دہلیز پر پہنچ کر انصاف فراہم کر رہی ہے؛ شاہد اسلام ایڈووکیٹ؛ رپورٹ کیمطابق ایڈوائزر ٹو صوبائی محتسب اعلیٰ پنجاب ضلع اوکاڑا کی زیر ہدایت میاں شاہد اسلام ایڈووکیٹ موبائل انچارج لاہور نے سید اطہر شاہ اسٹینو و دیگر ٹیم نے سیکرٹریز یوسی کے ہمراہ یونین کونسل راجوال ، یونین کونسل ڈھلیانہ، منڈی احمد آباد، بصیر پور سمیت 4 مختلف مقامات پر اوپن کچہری لگا کر ریکارڈ قائم کر دیا محتسب ٹیم کو سینکڑوں شہریوں نے پیش ہو کر پولیس ، ریونیو ڈیپارٹمنٹ، سمیت مختلف صوبائی محکمہ جات کیخلاف شکایات کے انبار لگا دیئے میاں شاہد اسلام ایڈووکیٹ انچارج نے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی محتسب میں شکایت کیلئے کسی وکیل کی ضرورت نہیں سادہ کاغذ پر درخواست مع ثبوت لکھ کر شہری خود پیش کر سکتا ہے اسٹیڈیم آفس میں دستی جمع کروائی جا سکتی ہے جبکہ ہیلپ لائن 1050 پر مفت کال کر کے بھی مدد لی جا سکتی ہے تمام صوبائی محکمہ جات کیخلاف شکایات اور انکے فوری حل کیلئے مریم نواز شریف وزیر اعلیٰ پنجاب اور محتسب اعلیٰ پنجاب کے جج کی زیر ہدایت اب محتسب ٹیم ہر یونین کونسل اور دور دراز پسماندہ علاقہ جات میں بھی گھر کی دہلیز پر جا کر انصاف کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے انشاء اللہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ملک بھر کی طرح پتوکی میں بھی مہنگائی کی نئی لہر نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا

پتوکی (نامہ نگار) مہنگائی کی نئی لہر، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ اعلیٰ حکام سے نوٹس کی اپیل پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ملک بھر کی طرح پتوکی میں بھی مہنگائی کی نئی لہر نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ صرف پٹرول اور ڈیزل ہی مہنگے نہیں ہوتے بلکہ ان کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ہی روزمرہ استعمال کی تقریباً تمام اشیائے ضروریہ بھی مہنگی ہو جاتی ہیں، جس سے عام آدمی کی زندگی شدید متاثر ہو رہی ہے۔شہریوں کے مطابق آٹا، گھی، چینی، دالیں، سبزیاں، پھل، دودھ اور گوشت سمیت دیگر بنیادی ضروریات کی قیمتیں مسلسل بڑھ رہی ہیں جبکہ ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی اضافہ ہو چکا ہے۔اس صورتحال نے متوسط اور دیہاڑی دار طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔مقامی تاجروں کا کہنا ہے کہ اخراجات بڑھنے سے تھوک مارکیٹ میں بھی اشیاء کی قیمتیں بلند سطح پر پہنچ چکی ہیں، جس کا براہ راست اثر خوردہ فروخت پر پڑ رہا ہے۔سرکاری نرخ نامے کے باوجود مارکیٹوں میں من مانے داموں پر اشیاء فروخت ہو رہی ہیں اور انتظامیہ کی جانب سے کوئی مؤثر چیکنگ نظر نہیں آتی۔

تھانہ مراد پور: محنت کش کے گھر سے چوری ہونے والے 22 لاکھ روپے برآمد، ملزم گرفتار

سیالکوٹ (میاں عامر مٹھو) تھانہ مراد پور: محنت کش کے گھر سے چوری ہونے والے 22 لاکھ روپے برآمد، ملزم گرفتار موضع کپوروالی کے رہائشی خادم حسین نے اپنی موجود ملازم محمد اعجاز ولد محمد طفیل، سکنہ پیر لاہور، مبینہ طور پر تالا توڑ کر رقم چوری کر کے فرار ہو گیا۔متاثرہ شہری کی درخواست پر تھانہ مراد پور پولیس نے مقدمہ درج کیا ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے محنت کش کسان کے گھر میں چوری کی بڑی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی صدر سرکل رانا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

ڈھلیانہ: تھانہ ڈھلیانہ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

حجرہ شاہ مقیم (سردار محمد اعظم وجھلانہ سے) ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کے احکامات اور SDPO/ASP دیپالپور سرکل واحد بخش کی زیر نگرانی SHO تھانہ ڈھلیانہ عظمت نسیم SI نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے جان پورہ سے دو منشیات فروش ملزمان محمد شعبان اور محمد کاشف کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے مجموعی طور پر 42 لیٹر دیسی شراب برآمد کر کے دونوں کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے انہیں پابند سلاسل کر دیا۔ایس ایچ او عظمت نسیم کا کہنا ہے کہ منشیات فروشوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بصیر پور کے نواحی گاؤں میں بچی کو کتے کاٹنے کا واقعہ، اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ کی زیر نگرانی مکمل تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ بصیر پور کے نواحی گاؤں میں بچی کو کتے کاٹنے کا واقعہ، اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ کی زیر نگرانی مکمل تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا جبکہ افسوسناک واقعہ پالتو کتوں کے کاٹنے سے پیش آیا۔سینئری انسپکٹر میونسپل کمیٹی بصیر پور کی درخواست پر پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے کتوں کے مالک کو گرفتار کر لیا اور اس کے خلاف مقدمہ بھی درج کر دیا۔ پولیس کی جانب سے مزید تحقیقات بھی شروع کر دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ پالتو جانوروں کو سنبھال کر رکھنا مالکان کی ذمہ داری ہے۔ لاپرواہی یا غفلت کے باعث لوگوں کو خطرہ ہوا تو ذمہ دار مالک ہوگا۔

قومی مفادات کو سیاسی مہم جوئی کی بھینٹ چڑھانے سے گریز کیا جائے، ملک حسن پرویز ایڈووکیٹ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما جنرل سیکرٹری تحصیل ڈسکہ ملک حسن پرویز ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ قومی مفادات کو سیاسی مہم جوئی کی بھینٹ چڑھانے سے گریز کیا جائے، حکومتی پالیسیوں سے اختلاف اور رائے کے اظہار کیلئے پارلیمنٹ اور اسمبلیاں موجود ہیں جہاں سیاسی جماعتیں آئینی و جمہوری طریقے سے اپنا کردار ادا کر سکتی ہیں، احتجاج ہر سیاسی جماعت کا جمہوری حق ہے، معمولات زندگی متاثر کرنا دانش مندی نہیں، سیاسی اختلافات کو تصادم کی بجائے مذاکرات اور پارلیمانی مکالمے کے ذریعے حل کرنے کی ضرورت ہے۔

ڈسکہ میں ٹھنڈی ہوا اور ہلکی بارش، موسم میں تبدیلی آ گئی

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ میں ٹھنڈی ہوا اور ہلکی بارش، موسم میں تبدیلی آ گئی، جس کی شدت میں کمی، گذشتہ روز علی الصبح ڈسکہ و گردونواح میں ٹھنڈی ہوا کے ساتھ ہلکی پھلکی بارش ہوئی بعد میں بارش کے بعد دھوپ بھی نکل آئی۔ لیکن ہلکی پھلکی بارش سے موسم کی شدت میں کمی واقع ہو گئی دوسری جانب محکمہ موسمیات نے 17 ستمبر تک وقفے وقفے سے بارشوں کی پیشگوئی کر رکھی ہے۔

PUNJAB FORENSIC SCIENCE AUTHORITY
HOME DEPARTMENT
THOKAR NIAZ BAIG, LAHORE

E-TENDER NOTICE

Tenders are invited under single stage two envelope basis on E.Procurement from sales tax, income tax & PRA registered firms for the provision of following Services for Forensic Science Laboratory, Thokar Niaz Biag, Lahore.

Tender Reference	Description	Estimated Cost
FSA-706	Provision of Internet Connectivity and data VPN Connection for PFSA Head Office, Lahore & 08 Divisional Headquarters	Rs. 18,818,580/-

Please note that said procurement shall be carried out through E.Procurement of Punjab Procurement Regulatory Authority only. All interested applications as required to register on E.Procurment to be eligible for participation. Tender Notice / Tender Document containing detailed requirements, terms & conditions is available for the registered bidders on E.Procurement at https://ep.punjab.gov.pk and Punjab Procurement Regulatory Authority (PPRA) website: https://ep.punjab.gov.pk.

The tender documents comprising the Technical & Financial proposal prepared in accordance with the instructions in the Tender Document, must be submitted on E.Procurement on or before 30.09.2026, no later than 1100 hours. Technical proposal will be opened on the same day on E.Procurement at 1130 hours. Manual bids shall not be accepted.

In case the last date for submission of the proposal submission is declared a public holiday then the next working day will be considered for proposal submission and opening.

The URL of the website of the PPRA is (https://ep.punjab.gov.pk/admin/bid-evaluation/bid-process) and response time shall be exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of PPRA.

PFSA management may reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of a bid or proposals, as provided under Rule – 35 of Punjab Procurement Rules, 2014.

DIRECTOR GENERAL
Ph: (042) 37840007
Fax: (042) 99232761
Email: pmusdi@gmail.com

IPL:9543

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

سانحہ پمز، 14 نومولود کیوں نہیں بچائے جا سکے؟

26 اگست کے پمز نرسری آتشزدگی کے واقعے کی تحقیق کے لیے وزیراعظم کی جانب سے تشکیل دی گئی انکوائری کمیٹی کی مکمل رپورٹ جاری کردی گئی۔ یہ رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کے حکم سے جاری کی گئی ہے، جس کے مطابق پمز کی ایم سی ایچ نرسری میں لگنے والی آگ کے نتیجے میں 15 نومولود میں سے 14 جاں بحق جبکہ ایک محفوظ رہا۔ تحقیقاتی کمیٹی نے اس حوالے سے آگ لگنے کی وجوہات ہی نہیں بلکہ اس کے سنگین نتائج اور تباہ کن صورت اختیار کرنے کے عوامل کا بھی جائزہ لیا۔ کمیٹی نے ہنگامی ردعمل، بچوں کے انخلا کے انتظامات، انفرادری اور ادارہ جاتی ذمہ داری کے تعین اور ضروری اصلاحات کا بھی جائزہ لیا۔ تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات اور نتائج 52 نکاتی منظم تحقیقات کی بنیاد پر مرتب کیے گئے ہیں۔ تحقیقات میں فرانزک شواہد، سی سی ٹی وی، کال ریکارڈز اور انجینئرنگ و مینٹیننس دستاویزات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے طبی و حادثاتی ریکارڈ، ڈیوٹی و حاضری ریکارڈ اور گواہوں کے بیانات، ریگولیٹری ریکارڈز اور سابقہ تحقیقات سے بھی مدد لی گئی۔ علاوہ ازیں سی سی ٹی وی ریکارڈ سے پمز نرسری میں ہنگامی صورتحال کے غیر معمولی سرعت سے پیدا ہونے کی تصدیق کی گئی ہے۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق تقریباً 15:38:6 بجے آگ واضح طور پر بھڑک چکی تھی، جہاں فرنٹ لائن عملے نے ممکنہ کارروائی کی۔ چارج نرس نسرین اختر، سکیورٹی گارڈ ماریہ سلیم اور اسٹاف نرس رضیہ نورین نے چند ہی لمحوں میں بچوں کو بچانے کے لیے کارروائی کی۔ نرس رضیہ نورین نے ایک نومولود کو بچایا اور دوبارہ نرسری میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر محمد عبدالرحمان بھی آگ لگنے کے وقت موقع پر موجود رہے۔ تقریباً 15:39:6 بجے تک گہرے دھویں نے سی سی ٹی وی کیمرے کی منظر کشی کو مکمل طور پر متاثر کردیا۔ شواہد اس عمومی الزام کی تردید کرتے ہیں کہ فرنٹ لائن عملے نے نومولود بچوں کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا۔ سنگین حالات میں متعدد اہلکاروں نے فوری اور بہادری سے ممکنہ کارروائی کی۔ انکوائری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ نیشنل فرانزک ایجنسی کے مضبوط ترین تکنیکی شواہد کے مطابق آگ لگنے کا سب سے زیادہ ممکنہ مقام اے سی یونٹ نمبر 1 کے قریب موجود اے سی یونٹ نمبر 2 کی بجلی کی کیبل تھی۔ ممکنہ طور پر غیر معمولی مقامی برقی حرارت، زائد کرنٹ، زیادہ مزاحمت والے کنکشن یا کسی مقامی برقی نقص کے باعث پیدا ہوئی، کیبل انسولیشن متاثر ہوئی اور قریب موجود آتشگیر مواد کو آگ لگ گئی۔ رپورٹ کے مطابق شواہد آتش زنی، ایک سے زیادہ مقامات سے آگ لگنے کے امکان، آئیسکو کی جانب سے کسی بیرونی برقی خرابی کو آگ لگنے کی وجہ قرار دینے یا آگ لگنے سے قبل آکسیجن کے اخراج کے امکان کی تائید نہیں کرتے۔ انکوبیٹر یا وارمر کو آگ لگنے کا ذریعہ قرار دینے کے شواہد بھی موجود نہیں۔ انکوائری کے مطابق آگ لگنے کی سب سے زیادہ ممکنہ وجہ برقی نوعیت کی خرابی تھی۔ برقی خرابی کی درست نوعیت اور اس کی روک تھام میں ذمہ دار فرد یا ادارے کا تعین الگ سے کیا جانا ضروری ہے۔ میٹنی نینس ریکارڈ کے مطابق نرسری کے اے سی یونٹس کی سروسنگ کی گئی تھی۔ ریکارڈ کیبلز، ٹرمینیشنز، انسولیشن، ارتھنگ اور بریکر پروٹیکشن کے جامع برقی حفاظتی جانچ کا موثر نظام موجود نہیں تھا۔ اہم بات ہے کہ برقی آلات کا فعال ہونا اس امر کے مترادف نہیں کہ اس کی برقی تنصیب بھی آگ سے مکمل طور پر محفوظ تھی۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ آلات کو فعال رکھنے اور ان کی مکمل حفاظت یقینی بنانے کے درمیان اہم ادارہ جاتی خلا موجود تھا۔ نرسری کی حساس صورتحال نے آگ کے تباہ کن اثرات کو مزید بڑھا دیا۔ 10 بستروں کے یونٹ میں 15 طبی طور پر انتہائی نازک نومولود زیر علاج تھے۔ متعدد نومولود آکسیجن یا سانس کی معاونت پر انحصار کر رہے تھے، چنانچہ ان کو محفوظ مقام پر منتقل کرنا سرعت کے ساتھ ممکن نہیں تھا۔ اس موقع پر صرف 2 ڈاکٹر اور 2 نرسیں موجود تھیں اور محفوظ انخلا کے وسائل بھی بہت محدود تھے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ نرسری کے لیے باقاعدہ طور پر منظور شدہ، تربیت یافتہ عملے کے ذریعے مشق شدہ اور نومولود بچوں کے انخلاء کے ایس او پیز کا کوئی ریکارڈ نہیں ملا۔ متاثرہ حصے میں خودکار دھوئیں کا پتا لگانے، الارم یا اسپرنکلر سسٹم کی موجودگی ثابت نہیں ہوئی۔ آتش گیر مواد اور آکسیجن والے ماحول نے آگ اور دھوئیں کی شدت میں بے پناہ اضافہ کیا۔ فرنٹ لائن عملے نے آگ لگنے کے چند سیکنڈز میں کارروائی کی۔ انکوائری رپورٹ میں بتایا گیا کہ سی ای ایس ریکارڈ کے مطابق ایکسٹرنل نوٹیفیکیشن (پیرو امداد) 54:06 بجے جبکہ ڈسپیچ 55:06 بجے اور آپریشنل آمد 01:07 بجے ثابت ہوتی ہے۔ لہذا بنیادی تشویش 38:6 بجے پر آگ کے ظاہر ہونے اور بیرونی امداد کے فعال ہونے کے درمیان کا وقفہ ناقابل قبول ہے۔ پمز کوئی آزمودہ Incident SystemCommand قائم کرنے کا ثبوت نہیں پیش کرسکا جو آگ کی نشاندہی ہوتے ہی فوری طور پر الارم، بیرونی اطلاع، انخلاء، خطرے کی روک تھام، رسائی کے انتظام اور مربوط امدادی کارروائی کو فعال کرسکے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پمز نرسری کا سانحہ معلوم شدہ مگر مکمل طور پر نظرانداز کیے گئے خطرات کے پس منظر میں پیش آیا، جو اسپتال انتظامیہ سے پیش بندی کے متقاضی تھے۔ سی ڈی اے کی سابقہ خط و کتابت اور وفاقی محتسب کی 2015ء کی سفارشات میں خامیوں کی نشاندہی کی گئی تھی۔ پمز نے 2025ء میں ہی فرسودہ فائر سیفٹی انفراسٹرکچر کا اعتراف کیا تھا۔ 6 جولائی 2026ء کو نرسنگ ہاسٹل میں لگنے والی آگ میں پہلے ہی آگ کا بروقت پتا لگانے، الارم، برقی معائنہ، انخلاء، آگ بجھانے کے آلات، فائر ڈرلز اور ہنگامی منصوبہ بندی میں موجود خامیوں کی نشاندہی کی جا چکی تھی۔ سابقہ تنبیہات کو نرسری سانحہ سے قبل جامع، مقررہ مدت اور آزادانہ طور پر تصدیق شدہ اصلاحی پروگرام میں تبدیل نہیں کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق اے سی یونٹ نمبر 2 کی مخصوص خرابی قبل از وقت متعین نہ بھی ہوئی ہو، موثر فائر سیفٹی کے لیے مربوط اور مضبوط تیاری کی ضرورت واضح تھی جس کو اسپتال انتظامیہ نے یکسر نظرانداز کیا۔ کمیٹی کے مطابق اس معاملے میں نظامی اور ادارہ جاتی ناکامی ثابت ہوئی تاہم انفرادی ذمہ داری کا تعین دستیاب شواہد کی بنیاد پر متعلقہ قواعد کے مطابق کیا جائے گا۔ انکوائری رپورٹ میں بتایا گیا کہ معلوم خطرات اور سابقہ تنبیہات کو موثر حفاظتی نظام میں تبدیل نہ کرنے پر پمز اور اعلیٰ انتظامیہ پر بنیادی ادارہ جاتی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ سکیورٹی چین کے فرائض بالکل واضح ہیں لیکن ان کے مطابق ایس او پیز موجود نہیں۔ طبی عملے کی لازمی موجودگی یا نگرانی اہم ہے۔

سمندر خاموش ہے، مگر سب کچھ دیکھ رہا ہے

دریائے حب کے دہانے سے آبنائے ہرمز تک
سمندر خاموش ہے۔
سمندر گہری سوچ میں ڈوبا ہوا ہے۔
دریائے حب کے دہانے سے آبنائے ہرمز تک، ساحل صرف جغرافیہ نہیں، انسانی زندگی، معیشت، ماحول اور عالمی امن کا ایک زندہ نظام ہے۔ کورل ریف، مرجان کی چٹانیں اور مینگروز کے جنگلات آج بھی اپنی ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔ مچھلیوں اور جھینگوں کی افزائش گاہیں آلودگی، شور، موسمی دباؤ اور انسانی مداخلت کے باوجود زندگی کی جنگ لڑ رہی ہیں۔ یہ خاموش نظام انسان کے لیے خوراک پیدا کرتا ہے، ساحل کو تحفظ دیتا ہے، کاربن جذب کرتا ہے اور ہماری فضا کو زندگی بخشنے والے قدرتی نظام کا حصہ بنتا ہے۔
سمندر آج بھی انسان کو معدنیات، خوراک، روزگار اور توانائی کے وسائل دے رہا ہے۔
مگر اسی سمندر کی سطح جدید ہتھیاروں کی جنگ کا میدان بن رہی ہے، جبکہ اس کی تہہ میں کہیں باٹم ٹرالنگ سمندری حیات اور قدرتی مسکن کو متاثر کر رہی ہے۔
ایک عجیب تضاد ہے۔
اوپر جنگ، نیچے روزگار کی جنگ۔
اوپر میزائل، نیچے ٹرالنگ۔
اوپر طاقت کی سیاست، نیچے زندگی کی جدوجہد۔
اور اسی سمندر کی تہہ سے سب میرین فائبر آپٹیکل کیبلز روشنی کی رفتار سے دنیا کے انسانوں کو ایک دوسرے سے جوڑ رہی ہیں۔
ایک لمحے کی خبر، ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک پہنچ جاتی ہے۔
ڈیجیٹل دنیا کا ہر پیغام، ہر مالی لین دین، ہر علمی رابطہ اور عالمی معیشت کا بڑا حصہ ان زیر سمندر رابطوں کے سہارے سفر کرتا ہے۔
لیکن دکھ یہ ہے کہ جس سمندر کے ذریعے انسان ایک دوسرے سے جڑ رہا ہے، اسی سمندر کی صحت اور تکلیف عالمی خبر کا مرکز نہیں بنتی۔
سمندر انسان کی زندگی کے لیے لڑ رہا ہے،
اور انسان سمندر کی سطح پر طاقت، راستوں، وسائل اور مفادات کے لیے ایک دوسرے سے لڑ رہا ہے۔
سمندر کی تہہ میں بھی کیبل وار ایک حقیقت بنتی جا رہی ہے۔
جدید ٹیکنالوجی کے دور میں بھی
باٹم ٹرالنگ، ڈارک ویسل سمندری ماحولیاتی نظام کے لیے ایک بڑا سوال ہے۔۔۔
تو سوال یہ نہیں کہ سمندر کس کا ہے؟
اصل سوال یہ ہے:
کیا سمندر کے ساتھ ہمارا رویہ انسانیت کے قابل ہے؟
دریائے حب کے دہانے سے گڈانی، سونمیانی، ہنگول، پسنی مکران، گوادر، جیوانی اور آبنائے ہرمز تک ہمیں ایک ایسا تصور درکار ہے جس میں اوشین سیکیورٹی صرف جنگی جہازوں کی حفاظت نہیں، بلکہ فشرمین سیکیورٹی، فوڈ سیکیورٹی، کیبل سیکیورٹی، کوسٹل ایکوسسٹم سیکیورٹی، اور ہومن سیکیورٹی بھی ہو۔
یہی کوڈی کوسٹ کا بنیادی سوال ہے۔
سمندر کو میدان جنگ نہیں، مشترکہ زندگی کا نظام بنائیں۔
تعاون لامحدود امن ہے
مقامی عمل عالمی اثر پذیر ہے
سمندر خاموش ہے۔
مگر سمندر سب کچھ دیکھ رہا ہے۔
سردار صابر قاسمی
کوآپریٹیو موومنٹ بلوچستان
Code the Coast
CO OP



بعدالت جناب مہرین سیاب عباسی صاحبہ سول جج درجہ اول / فیملی کورٹ ساہیوال
نمبر مقدمہ سال 2026
نوعیت مقدمہ: دعویٰ خرچہ نان ونفقہ
بعنوان مقدمہ: نادیہ کرن وغیرہ بنام کرم جہانیاں وغیرہ
اخبار اشتہار بنام: کرم جہانیاں ولد محمد حنیف سکنہ محلہ فرید گنج ضلع ساہوال، محمد حنیف سکنہ محلہ فرید گنج ضلع ساہوال
ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 17-09-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔
Cr..Khizar

بعدالت جناب حاجی فرقان سرور صاحب سول جج درجہ اول ضلع شیخوپورہ
مقدمہ نمبر 3143 مورخہ 26-06-15 سال 2026ء۔ دعوی دلاپانے رقم مبلغ/25000 روپے۔ عنوان مقدمہ۔ جعفر حسین بنام محمد جمیل وغیرہ۔
اخبار اشتہار بنام۔ (1) محمد جمیل ولد نامعلوم (2) کاشف ولد محمد جمیل احمد ساکنان پرانا شہر، گلی ننگل پوری، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 29-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب محبوب الٰہی صاحب سول جج / اختیارات فیملی کورٹ ضلع شیخوپورہ
مقدمہ نمبر 1800/FC مورخہ 26-05-25 سال 2026ء۔ دعوی دلاپانے خرچہ نان ونفقہ مبلغ 40 ہزار روپے ماہوار وخرچہ زچگی نابالغ۔ عنوان مقدمہ۔ زیب النساء وغیرہ بنام محمد جبران عبداللہ۔
اخبار اشتہار بنام۔ محمد جبران عبداللہ ولد محمد ارشد قوم راجپوت ساکن تتلے عالی، تحصیل نوشہرہ ورکاں، ضلع گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 21-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔
cr..sana ullah

بعدالت جناب فاروق احمد صاحب سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں
دعوی تنسیخ نکاح
شمائلہ نواز بنام خرم شہزاد
اشتہار بنام خرم شہزاد ولد لیاقت علی ساکن چھنی حافظ ڈاکخانہ یاسو گجرات تحصیل وضلع گجرات
چونکہ مذکورہ بالا دعویٰ اس عدالت میں زیر سماعت ہے اور آپ کی بذریعہ معمولی طریقہ تعمیل ممکن نہ ہوسکی، لہذا بذریعہ ہذا اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 18-09-2026 کو عدالت ہذا میں بذات خود یا بذریعہ وکیل حاضر ہو کر اپنا جواب دعویٰ پیش کریں، بصورت دیگر عدم حاضری کی صورت میں مقدمہ یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے قانون کے مطابق فیصلہ کردیا جائے گا۔
Cr..Afzal

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں
دعوی تنسیخ نکاح
شمائلہ نواز بنام خرم شہزاد
اشتہار بنام خرم شہزاد ولد لیاقت علی ساکن چھنی حافظ ڈاکخانہ یاسو گجرات تحصیل وضلع گجرات
چونکہ مذکورہ بالا دعویٰ اس عدالت میں زیر سماعت ہے اور آپ کی بذریعہ معمولی طریقہ تعمیل ممکن نہ ہوسکی، لہذا بذریعہ ہذا اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 18-09-2026 کو عدالت ہذا میں بذات خود یا بذریعہ وکیل حاضر ہو کر اپنا جواب دعویٰ پیش کریں، بصورت دیگر عدم حاضری کی صورت میں مقدمہ یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے قانون کے مطابق فیصلہ کردیا جائے گا۔
Cr..Afzal

بعدالت جناب احمد شیر گوندل صاحب اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں
درخواست تقسیم اراضی
عرفان طالب بنام محمد رزاق اشتہار بنام محمد رزاق ولد میاں خان محمد فاضل ولد کرم دین محمد رفیق محمد اسلم محمد صدیق محمد اعظم محمد ثروت پسران سردارا اسماء نورین دختر کشور بی بی غلام حسین ولد پیراندتہ پیراندتہ ولد علی کاشف نثار ولد نثار حسین ثوبیہ دختر بشیر ناظم حسین ولد نور محمد منیر عباس ولد محمد عباس سکینہ بی بی سرداری دختران کرم دین ماجد حسین ولد محمد خالد رفاقت علی شوکت علی پسران فضل داد سلمان سعید اسرار احمد خان محمد اشرف ولد محمد حیات محمد رفیق ولد راجہ عباس ولد قدر دادر اسب علی ولد ریاست علی محمد الیاس پسر شبنم انجم دختر مقبول حسین اقوام گجر ساکن اسماعیلہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات
مندرجہ بالا نامزد مدعا علیہان کو اس نوٹس کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 16-09-2026 کو عدالت ہذا میں حاضر آئیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..Afzal

بعدالت جناب نبرایاسین سول وفیملی جج کاموںکے ضلع گوجرانوالہ
دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع
مدعیہ۔ عظمیٰ بی بی دختر جعفر قوم جٹ ساکن ہال مقیم توکیکی روڈ نزد ڈیرہ بشیر لکھ پتی دا کاموںکے ضلع گوجرانوالہ
بنام۔ شاہد اقبال ولد امیر علی ساکن ڈاکخانہ لنڈیانوالہ چک 629 گ ب بلی والی تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026/09/25 کو پیش عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
Cr..Nadem Gujjar

بعدالت جناب سید محمد عباس شیرازی صاحب سول جج گوجرانوالہ،
دعویٰ استقرار حق وغیرہ
منجانب زینب بی بی بیوہ، عرفان علی، رضوان علی، زمان علی، عمرانہ دختر محمد علی اقوام گجر ساکنان گلی حکیم دوادوالی مکان نمبر BXIX/I-S-79 گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 28-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب محمد عمر بن اکبر قریشی صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج وزیر آباد،
نگرانی / دیوانی
ارشاد بانو زوجہ شاہنواز دختر عنایت علی قوم جٹ چٹھہ موضع غازی چک تحصیل وضلع حافظ آباد، نسرین کوثر زوجہ ظہیر احمد دختر عنایت علی قوم جٹ چٹھہ ساکن موضع گھیے والا تھانہ علی پور چٹھہ تحصیل وزیر آباد
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 30-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن
ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالغفور ولد نور احمد قوم بھٹی سکنہ 58 ڈی تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے، میری بیٹی اقصیٰ رحمان زوجہ عبدالجبار کے (ب) فارم میں شناختی کارڈ درج ہے، جب کہ نکاح نامہ میں شناختی کارڈ نمبر درج کرنا بھول گئے ہیں، شناختی کارڈ نمبر 3540233505302 ہے جو یونین کونسل نمبر 1 ہیلہ وٹواں میں درج کروانا قانونی امر ہے
Cr..Waqar Farid

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن
ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حمزہ فرید ولد نذر فرید سکنہ مگن پور تحصیل وضلع پاکپتن، نے درخواست گزاری ہے، میری دو بیٹیوں حریم فاطمہ اور عافیہ فاطمہ کا برتھ سرٹیفکیٹ یونین کونسل بنگہ حیات سے جاری ہوا تھا گزارش ہے کہ عافیہ فاطمہ والد اور دادہ کا انگلش نام درست کیا جائے اور دونوں برتھ سرٹفکیٹ پر والد کے شناختی کا اندراج کیا جائے
Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب ارشد لونڈل صاحب ریونیو آفیسر اسسمنٹ کلکٹر فرسٹ کلاس کھاریاں
درخواست برائے تقسیم اراضی
جاوید احمد بن ؟ ام محمد رفیق وغیرہ
اشتہار بنام محمد رفیق محمد اکرم، بشیر احمد، نذیر احمد پسران، رشیدہ بیگم دختر، رقیہ بیگم دختر غلام نبی، پرویز احمد، ندیم احمد پسران، نوید پسران، ثریا بیگم، شائستہ بیگم دختران، فضل بیگم بیوہ احمد، محمد افضل، محمد انور پسران، زرینہ بی بی دختر امان اللہ، غلام حسین ولد تاج محمد، محمد غوث، محمد سرفراز پسران، رضیہ بی بی دختر نواب، محمد اصغر، محمد فاضل پسران، صفوان بی بی، رابعہ بی بی، آمنہ بی بی دختران فیصل احمد، صغیر احمد، غلام حسین، ادریس احمد، خورشید احمد، رشید احمد، عبدالمجید پسران، کنزہ فاطمہ، ازلیہ بی بی دختران، شاہ بیگم بیوہ ران محمد ساکنان گوڑھا، مائلہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات
مندرجہ بالا نامزد مدعا علیہان کو اس نوٹس کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 17-09-2026 کو عدالت ہذا میں حاضر آئیں بصورت دیگر آپ کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..Afzal

بعدالت جناب مہر محمد رفیق صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ
مقدمہ نمبر 3603 مورخہ 26-07-06 سال 2026ء۔ دعوی دلاپانے رقم مبلغ دو لاکھ ستائیس ہزار سات سو (2,27,700/-) روپے۔
عنوان مقدمہ۔ الطاف حسین بنام صوبہ پنجاب وغیرہ۔
اخبار اشتہار بنام۔ (1) صوبہ پنجاب بذریعہ DC ضلع شیخوپورہ (2) ڈسٹرکٹ آفیسر (فنانس) ڈسٹرکٹ کونسل شیخوپورہ (3) جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب ڈسٹرکٹ کونسل شیخوپورہ (4) جناب چیف آفیسر صاحب، ڈسٹرکٹ کونسل شیخوپورہ (5) اسسٹنٹ کمشنر فیروز والہ ضلع شیخوپورہ (6) TMA موضع غازی ککہ فیروز والہ ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 19-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔
cr...sana ullah

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،
گلزار یونس ولد یونس مسیح بنام یونس مسیح وغیرہ
دعویٰ تعمیل مختص وغیرہ
اشتہار بنام امتیاز ولد صدیق ساکن فرانسیس آباد تحصیل وضلع گوجرانوالہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 18-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا
Cr..AM

بعدالت جناب بشیر احمد صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ،
دعویٰ زیر آرڈر 37 رول 1، 2 ضابطہ دیوانی
عدنان یونس ولد محمد یونس بنام عدنان فاروق ولد محمد حنیف ساکن رام بستی بابا ہوٹل پونڈا نوالہ گوجرانوالہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 29-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا
Cr..AM

بعدالت جناب اویس محمد خان صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ،
محمد زاہد ولد برکت علی بنام ذوالفقار علی وغیرہ
نگرانی / دیوانی
اشتہار بنام ذوالفقار علی ولد نور محمد ساکن محلہ باغبانپورہ گوجرانوالہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 21-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب ربیعہ جمیل صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ،
اپیل دیوانی
رب نواز خاں ولد مہندی خاں بنام عبدالرزاق ولد عبدالرحمٰن ذات چغتائی ساکن فیروز والہ روڈ رکھ کیکرانوالی گلی نمبر 8 محلہ عثمان ٹاؤن گوجرانوالہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 01-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سمیر سول جج گوجرانوالہ،
دعویٰ تنسیخ نکاح
کرن صدیق دختر محمد صدیق بنام سلمان سیف ولد سیف اللہ قوم مغل ساکن B226 محافظ ٹاؤن گوجرانوالہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 29-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

مشینری کی باقاعدہ دیکھ بھال کا موثر نظام یقینی بنایا جائے، ایم ڈی ستھرا پنجاب

شہریوں کو صاف اور صحت بخش ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس میں کوتاہی نہ برتی جائے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر نے شہر کے مختلف علاقوں، شاہراہوں کا دورہ کیا اور ستھرا پنجاب صفائی آپریشن، فیلڈ ورکرز کی کارکردگی، ویسٹ کلیکشن، مکینیکل سویپنگ اور مجموعی صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا انہوں نے مختلف مقامات پر صفائی کے انتظامات، سڑکوں کی صفائی، کوڑا اٹھانے کے عمل اور فیلڈ میں دستیاب عملہ کی کارکردگی کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو صفائی کے معیار میں مزید بہتری لانے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت بخش ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ اہم شاہراہوں، مارکیٹوں اور گنجان آباد شہری علاقوں میں صفائی کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے اور ویسٹ کلیکشن کے ساتھ ساتھ مکینیکل ودستی صفائی کا تسلسل برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے جی ڈبلیو ایم سی / کنٹریکٹر ورکشاپ کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی آپریشن میں استعمال ہونے والی مشینری کی فعالیت، فٹنس، مرمت اور دیکھ بھال کے انتظامات کا جائزہ لیا انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صفائی مشینری کو ہر وقت آپریشنل حالت میں رکھا جائے

تحصیل صدر دو تالاب ختم کرکے خواتین اور بچوں کیلئے پارکس بنانے کے منصوبہ پر کام تیزی سے جاری

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے خوبصورت پنجاب ویژن کے تحت ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ، ڈونرز کے تعاون اور مقامی کمیونٹی کی شمولیت سے تحصیل صدر کے گاؤں نوئیکے سندھواں میں کمیونٹی لیڈ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ پر عملدرآمد کر رہی ہے

**منصوبہ کے تحت سیوریج کید

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات
درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ کرامت حسین ولد سردار خاں سکنہ بادلی کلاں
تحصیل سرائے عالمگیر ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ سائقہ چوہدری دختر محمد اسلم ولد فضل داد تاریخ پیدائش 20-12-1972، عمران چوہدری ولد محمد اسلم ولد فضل داد تاریخ پیدائش 17-12-1973، صائمہ چوہدری دختر محمد اسلم ولد فضل داد تاریخ پیدائش 08-08-1976 کا لیٹ اندراج یونین کونسل کریالہ ضلع گجرات میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
Cr..Ghafa

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروز والہ
دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: محمد Absar بنام منظور فاطمہ وغیرہ
محمد Absar البصر ولد محمد ارشاد زیدی سکنہ مکان نمبر 493 بلاک T نزد کوٹ عبدالمالک لاہور موڑ وے سٹیشن عوام الناس وغیرہ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار از اں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 16-09-2026 اصالتاً و اکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..FW

اشتہار برائے عوام الناس
عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی اشرف مسیح ولد بھالی مسیح سکنہ فتح پور قصور نے اپنی بیٹی کی پیدائش کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکی بیٹی سوریابی بی کی پیدائش کا اندراج سہواً نہ ہوسکا اب اپنی بیٹی سوریابی بی کی پیدائش مورخہ 01-12-2006 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 31 فتح پور تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 10 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کر دیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ / اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور
Cr..Bhutta

درستگی نام ولدیت
منکہ محمد آصف نے زیر رولنمبر 084174 سالانہ 1992 کے تحت سیکنڈری سکول اور فاضل اردو رولنمبر 1081 سال 1994 ایڈیشنل انگلش رولنمبر 60194 سال 1995 کا امتحان بی۔ آئی۔ ایس۔ ای لاہور سے پاس کر چکا ہوں۔ میری درست ولدیت مشتاق احمد ہے جبکہ میری اسناد پر ولدیت محمد مشتاق درج ہے جو کہ درست نہ ہے۔ چنانچہ میں اپنی اسناد پر ولدیت محمد مشتاق سے مشتاق احمد ترمیم کروانا چاہتا ہوں۔ اگر کسی شخص / ادارے / ایجنسی کو کوئی عذر / اعتراض ہو تو پندرہ یوم کے اندر اندر ریکٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، 86 مزنگ روڈ لاہور کو تحریری طور پر مطلع کرے۔
Cr..Bhutta

بعدالت جناب آصف علی صاحب سول جج درجہ اول بھلوال۔ دعویٰ استقرار حق۔ ظہور احمد وغیرہ بنام فیاض احمد وغیرہ۔ اشتہار بنام فیاض احمد متوفی حال بذریعہ وارثان، صغیرہ فیاض بیوہ فیاض احمد، آصفہ گل دختر فیاض احمد شعیب رسول، علی نوشابر، افتخار احمد، جاوید اقبال پسران غلام رسول، گلریز آصف ولد محمد آصف ذات ہائے مسلم شیخ چک نمبر 7 شمالی تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 26-09-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..AM

بعدالت جناب محمد قمر ضیاء وڈائچ صاحب سول جج / فیملی کورٹ فیصل آباد
دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ
عنوان: مسماۃ لائبہ ستار بنام محمد عدنان
محمد عدنان ولد محمد یوسف سکنہ چک نمبر 194 رب، رام نگر، تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 23-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..FSD

اشتہار لیٹ اندراج تاریخ پیدائش
ہر گاہ بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد امین ولد محمد بخش سکنہ راجو والا تحصیل و ضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری ہے کہ اس کے بچوں 1۔ قمر امین تاریخ پیدائش 05/05/2007 (2) علیشبہ امین تاریخ پیدائش 12/12/2008 (3) مصباح امین تاریخ پیدائش 03/02/2011 پسر و دختران محمد امین مذکوران کی تاریخ پیدائش کا اندراج بروقت متعلقہ یونین کونسل نمبر 45 باڑا اسحاق خاں عاکو کا کیریکارڈ میں نہ کروا سکا ہے درخواستی یا اس کے کسی دیگر رشتہ دار نے پاکستان کی کسی بھی یونین کونسل میں اس سے قبل اندراج نہ کروایا ہے اگر کسی کو مذکورہ تاریخ پیدائش کے اندراج میں کوئی عذر اعتراض ہو تو اشاعت اشتہار کے اندر سات یوم ہمراہ ثبوت حاضر آکر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ / یونین کونسل کو مطلع کریں بصورت دیگر بمطابق قانون اندراج تاریخ پیدائش کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر
Cr Bashir Bhatti

بعدالت جناب حبیب یونس صاحبہ سول جج درجہ اول ماڈل ٹاؤن کورٹس لاہور
دعویٰ: استقرار حق
عنوان رضوانہ بنام عوام الناس
پتہ سائلہ رضوانہ بیوہ ایوب مسیح ساکن گلی نمبر 4 بلاک ڈی یوحنا آباد فیروز پور روڈ لاہور
اشتہار بنام: عوام الناس
بنام مدعا علیہم
ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ / مدعا علیہم تعمیل سمن سگریزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 17-9-2026 کو بوقت 8 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..Yousaf

بعدالت جناب فوزیہ سائرہ صاحبہ سول جج گجرات،
مقدمہ: دعویٰ استقرار حق، بعنوان: عادل حسین، بنام: سیکرٹری یونین کونسل، اشتہار بنام: سیکرٹری یونین کونسل حاجیوالہ تحصیل و ضلع گجرات، ہر گاہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 19/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے
Cr..Ghafa

بعدالت جناب قیصر مختار احمد صاحب سول جج گجرات،
مقدمہ: دعویٰ دلا پانے ہرجانہ مبلغ چھ کروڑ پچیس لاکھ روپے صرف، عنوان: عمران فیض، بنام: محمد عالم، اشتہار بنام: محمد عالم ولد اشفاق احمد سکنہ پھول نگر تحصیل چپوکی حال مقیم معرفت راحیلہ کوثر دختر غلام رسول سوک کلاں گجرات، ہر گاہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 08/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے
Cr..Ghafa

رہنماؤں نے کشیدگی کم کرنے کیلئے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کو بہترین راستہ قرار دیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ڈائریکٹر جنرل اور اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے امیدوار رافیل گروسی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، بات چیت کے دوران خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ علاقائی کشیدگی کم کرنے اور صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد ہی بہترین لائحہ عمل ہے، رافیل گروسی نے ضرورت پڑنے پر تکنیکی معاونت فراہم کرنے کی پیشکش بھی کی۔اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں کو آگے بڑھانے، بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی پاسداری کیلئے پاکستان کے دیرینہ عزم کا اعادہ کیا، انہوں نے عالمی امن اور ترقی کے ایجنڈے کے حصول میں اقوام متحدہ کے نظام کی اہمیت پر بھی زور دیا۔نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے منصب کے لیے رافیل گروسی کی انتخابی مہم کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ	سحر	9

کرلیا۔تین قیدیوں کی بانی پی ٹی آئی کی طرز پر پرائیویٹ ہسپتال میں سہولیات دینے کے معاملہ پر سماعت کے دوران وفاقی آئینی عدالت نے حکم دیا کہ کسی بھی ہائیکورٹ میں اس نوعیت کا کوئی بھی کیس زیر التوا ہو اسکا ریکارڈ بھجوایا جائے۔وفاقی آئینی عدالت نے سپریم کورٹ سے بانی پی ٹی آئی کے متعلق توہین عدالت، ہسپتال منتقلی اور نظرثانی درخواست کا ریکارڈ طلب کرلیا۔چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی،

بقیہ	سحر	10

سیاسی حالات، امن و امان، اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیراعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کی ترقی اور صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام جاری رکھے گی۔ملاقات میں وفاق اور صوبے کے درمیان ہم آہنگی اور عوامی مسائل کو حل کرنے کے لیے مزید کوششوں پر بھی زور دیا گیا۔ملاقات میں وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر وگلگت بلتستان انجینئر امیر مقام اور وزیرِ اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ بھی موجود تھے۔

بقیہ	سحر	11

سی او) کے رکن ممالک کے درمیان ڈیجیٹل گورننس اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے ایس سی او ڈیجیٹل گورننس اور مصنوعی ذہانت نیٹ ورک قائم کرنے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس نیٹ ورک کے ذریعے رکن ممالک کی حکومتوں، سول سروس اکیڈمیوں، جامعات، تحقیقی اداروں، ٹیکنالوجی مراکز اور نجی شعبے کے ماہرین کو ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا

بقیہ	سحر	12

کرتے ہوئے اسے ڈرامہ بازی قرار دے دیا۔اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ان کو عزت دے رہے ہیں لیکن یہ اس کے لائق ہی نہیں۔وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ ایک اور ڈرامہ بازی ملاحظہ کریں، خود جا کر پولیس وین میں بیٹھ گئے، پولیس والے اترنے کو کہہ رہے تھے، اپنے گارڈز کو ڈرامہ بلاک کرنے پر جھاڑ پلا کر پریکر دیا۔انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی فرمائشی اور سستی ایکٹنگ کر رہے ہیں، جگہ جگہ گاڑی روک کر عوام کو خوار، یوٹیوبرز اور گارڈز سے خطاب کیا گیا۔

بقیہ	سحر	13

گھر کی چار دیواری کو مجرم کے احتساب سے بچنے کی ڈھال نہیں بننے دیا جا سکتا جبکہ عدالت نے خواتین کے تحفظ کے لیے تفتیش اور عدالتی جانچ کو صنفی حساس انداز میں کرنے پر زور دیا۔جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل بینچ نے کراچی میں اپنی اہلیہ عقیلہ بی بی کے قتل کے مجرم حبیب اللہ کی جیل پیشی مسترد کرتے ہوئے عمر قید اور مقتولہ کے ورثا کو 5 لاکھ روپے معاوضے کا حکم برقرار رکھا۔

بقیہ	سحر	14

تھے۔اہلخانہ کے مطابق 13 ستمبر کو بحری جہاز میں آگ لگنے کی اطلاع ملی، جس کے نتیجے میں جہاز کا انجن روم اور دیگر حصے متاثر ہوئے۔حادثے کے وقت بحری جہاز پر 25 افراد پر مشتمل عملہ موجود تھا، جن میں سے 23 کریو ممبرز کو ریسکیو کرلیا گیا۔اہلخانہ کے مطابق حادثے کے وقت حماد عبیدہ کی ڈیوٹی رات کی شفٹ میں انجن روم میں تھی۔کریو ممبرز نے بتایا کہ انجن روم میں موجود افراد کے زندہ بچنے کے امکانات انتہائی کم تھے۔حماد عبیدہ زندہ ہیں یا حادثے میں جاں بحق ہوئے، اس حوالے سے تاحال کچھ معلوم نہیں ہوسکا۔اہلخانہ کے مطابق فارن آفس اور میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی کے کرائسس مینجمنٹ سیل سے رابطے کے باوجود حماد عبیدہ کا سراغ نہیں مل سکا۔دو روز گزرنے کے باوجود حماد عبیدہ کے حوالے سے حکومتی سطح پر بھی کوئی معلومات نہیں مل سکیں۔حماد عبیدہ کے اہلخانہ نے حکومت پاکستان اور متعلقہ اداروں سے عمان حکام سے رابطہ کرکے ان کی تلاش یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔اہلخانہ نے بتایا کہ اگر حماد عبیدہ جاں بحق ہوچکے ہیں تو ان کی میت کی ریکوری کرائی جائے اور حکومت پاکستان فوری مدد کرتے ہوئے حماد عبیدہ کی تلاش یقینی بنائے۔

بقیہ	سحر	15

کچھ سہولت ملے گی۔وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصدق ملک کا کہنا تھا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی شدید متاثر ہو رہا ہے، حکومت عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہے، اسی لیے وزیراعظم نے فیول ریلیف سکیم میں سب سے پہلے غریب طبقے کو ریلیف دینے کو ترجیح دی ہے

بقیہ	سحر	16

جی نائن فور میں چھوٹے دکانداروں کیلئے آسان ٹیکس سکیم کے تحت گریں پلیٹس نصب کرنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ آسان ٹیکس سکیم حکومت اور تاجر نمائندوں کی مشاورت سے تیار کی گئی جس کا مقصد ایسا عملی نظام وضع کرنا ہے

بقیہ	سحر	17

زیادہ ہے۔یہ انکشاف اسٹیٹوٹ فار پبلک اوپینین ریسرچ کے سروے میں ہوا ہے۔سروے کے مطابق 33 فیصد افراد نے وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے جبکہ 23 فیصد نے قومی احتساب بیورو پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔اس کیبر عکس پارلیمنٹ پر 15 فیصد افراد، صوبائی حکومتوں پر 17 فیصد، بلدیاتی حکومتوں پر 18 فیصد نے اعتماد کیا۔سروے کے مطابق ایف بی آر، مقامی عدالتوں اور پولیس پر اعتماد کا اظہار کرنے والوں کی شرح 22 فیصد دیکھی گئی۔سروے میں 18 فیصد نے سرکاری اداروں میں رشوت ستانی کا سامنا کرنے کا کہا، البتہ 77 فیصد نے انکار کیا۔حیران کن طور پر کرپشن کے خلاف 31 فیصد نے سب سے پہلے پولیس، جس کے بعد 19 فیصد نے نیب، 14 فیصد نے عدالتوں جبکہ 13 فیصد نے ایف آئی سے رابطہ کرنے کا کہا حالانکہ سروے میں پولیس پر اعتماد کرنے والوں کی شرح ایف آئی اے اور نیب سے کم دیکھی گئی۔

بقیہ	سحر	18

کیلئے قریبی رابطوں اور تیاری کو یقینی بنایا جائے۔منگل کو ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے پروگرام کے جائزہ کے حوالہ سے اجلاس کی صدارت کی جس میں سیکرٹری خارجہ اور خصوصی سیکرٹری یو این نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کو مجوزہ پروگرام کے حوالہ سے بریفنگ دی جس میں اعلیٰ سطح کی مصروفیات، دوطرفہ ملاقاتوں کے علاوہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر دیگر اہم مصروفیات شامل تھیں۔سینیٹر اسحاق ڈار نے مجوزہ پروگرام کا جائزہ لیا، اس کی ترجیحات اور انتظامات کے بارے میں رہنمائی فراہم کی اور ہدایت کی کہ اقوام متحدہ کے اعلیٰ سطح کے اجلاس کے دوران پاکستان کی فعال شرکت کیلئے قریبی رابطہ اور تیاری کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ	سحر	19

بھتہ ختم کرے۔لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے پٹرولیم لیوی ختم یا پالیسی ریٹ کم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ جماعت اسلامی 20 ستمبر کو اسلام آباد مارچ کرے گی، مختلف شہروں میں جاری دھرنے بھی ختم نہیں کیے جائیں گے۔ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال 1567 ارب روپے لیوی جمع کی گئی، لیکن دوسری جانب حکومت پالیسی ریٹ کم کرنے کیلئے تیار نہیں، پاکستان میں ایک متوازی معیشت موجود ہے اور اتنی بڑی خرید و فروخت کہیں حساب میں نہیں آ رہی۔

بقیہ	سحر	20

اور اس پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کیلئے پراجیکٹ ٹیم کا اجلاس منعقد کیا۔اجلاس میں پراجیکٹ ہیڈ ڈاکٹر محمد طارق نے ٹیم کی قیادت کی۔اجلاس میں ملک میں جامع قومی اولیو ویلیو چین کے فروغ کے حوالے سے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔وفاقی وزیر نے اس امر پر زور دیا کہ زیتون کی پیداوار کو صرف شجرکاری تک محدود رکھنے کے بجائے پیداوار، ایکسٹریکشن، پروسیسنگ، ذخیرہ، پیکیجنگ، معیار کی جانچ اور مارکیٹنگ پر مشتمل مکمل ویلیو چین قائم کی جائے،

بقیہ	سحر	21

شریف کی زیرِ صدارت اجلاس ہوا جس میں مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے پیٹرولیم اسمارٹ لاک ڈاؤن لگانے کا فیصلہ کرلیا۔ذرائع نے بتایا کہ لاک ڈاؤن کے تحت سرکاری و نجی دفاتر میں 4 دن کام کی تجویز ہے، جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو چھٹی اور نقل و حمل کم کرنے کی تجویز ہے، سرکاری ملازمین کے ریفیشن میں کام کرنے کا فارمولا بھی زیرِ غور ہے۔ذرائع کے مطابق بازاروں کی 3 روزہ بندش اور اوقات کار بھی کم کرنے پر غور ہے۔

بقیہ	سحر	22

کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔منگل کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماں نے اپنی ٹیلیفونک گفتگو میں اس بات پر اتفاق کیا کہ کشیدگی کم کرنے کے لیے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد بہترین راستہ ہے۔رافیل گروسی نے ضرورت پڑنے پر اس حوالہ سے تکنیکی معاونت فراہم کرنے کی پیشکش کی۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں کو آگے بڑھانے اور بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کا احترام کرنے کے لیے پاکستان کے مستقل عزم کا اعادہ کیا اور عالمی امن اور ترقی کے ایجنڈے کے حصول میں اقوام متحدہ کے نظام کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا

بقیہ	سحر	23

نومولود میں سے 14 جاں بحق جبکہ ایک محفوظ رہا۔تحقیقاتی کمیٹی نے اس حوالے سے آگ لگنے کی وجوہات ہی نہیں بلکہ اس کے سنگین نتائج اور تباہ کن صورت اختیار کرنے کے عوامل کا بھی جائزہ لیا۔کمیٹی نے ہنگامی ردعمل، بچوں کے انخلا کے انتظامات، انفرادری اور ادارہ جاتی ذمہ داری کے تعین اور ضروری اصلاحات کا بھی جائزہ لیا۔تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات اور نتائج 52 نکاتی منظم تحقیقات کی بنیاد پر مرتب کیے گئے ہیں۔تحقیقات میں فورنزک شواہد، سی سی ٹی وی، کال ریکارڈز اور انجینئرنگ و مینٹیننس دستاویزات کا بھی جائزہ لیا گیا۔کمیٹی نے طبی و حادثاتی ریکارڈ، ڈیوٹی و حاضری ریکارڈ اور گواہوں کے بیانات، ریگولیٹری ریکارڈز اور سابقہ تحقیقات سے بھی مدد لی گئی۔

بقیہ	سحر	24

وکلا برادری نے شرکت کی۔اس موقع پر اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے وفاقی آئینی عدالت کے ادارہ جاتی سفر کو اہم قرار دیتے ہوئے آئینی سوالات کے مؤثر تصفیے، بنیادی حقوق کے تحفظ، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور عوامی اعتماد کے فروغ کی اہمیت اجاگر کی۔انھوں نے کہا کہ عدالت کے فیصلے آئین کی تشریح اور ریاستی اختیارات کے تعین پر دوررس اثرات مرتب کرتے ہیں۔وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل پیر محمد مسعود چشتی نے آئینی استحکام، قانون کی حکمرانی، عدلیہ کی آزادی اور فوری و منصفانہ انصاف کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔انھوں نے عدالت کی جانب سے آئینی ذمہ داریوں کی انجام دہی میں سنجیدگی، توازن اور آئینی بصیرت کو قابلِ تحسین قرار دیا۔صدر سپریم کورٹ بار ایسوی ایشن ہارون الرشید نے امید ظاہر کی کہ عدالت گذشتہ برس کی طرح آئندہ بھی آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، بنیادی حقوق کے تحفظ، بروقت انصاف کی فراہمی اور عوامی اعتماد کے استحکام میں مؤثر کردار ادا کرتی رہے گی

بقیہ	سحر	25

چاہیے اور چیزیں اچھی سمت میں آگے بڑھنی چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو لاہور دورے کے دوران عوام کی کافی پذیرائی ملی، تاہم انہیں لاہور میں سیکورٹی نہ دینا افسوسناک بات ہے۔وزیراعلیٰ کے پی کو گاڑی میں بٹھا کر لے جایا گیا اور ایک چوک پر چھوڑ دیا گیا، سہیل آفریدی ایک صوبے کے وزیراعلیٰ ہیں، پولیس کو ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھنا چاہیے تھا۔ایک صوبے کے وزیراعلیٰ کو ایسے ٹریٹ کرنے سے نفرتیں بڑھیں گی،

بقیہ	سحر	26

کی سفیر عزت مآب اینا ہیپل بھی ملاقات میں شریک تھیں۔ملاقات میں پاک جرمن تعلقات، مذہبی آزادی، بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور اقلیتوں کے حقوق کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاکستان بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور تمام مذاہب کے پیروکاروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والے تمام مذاہب اور اقلیتوں کے حقوق آئین کے تحت محفوظ ہیں اور حکومت ان کے مذہبی، سماجی اور معاشرتی حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ	سحر	27

برائے بحری اصلاحات نے بندرگاہی آپریشنز بہتر بنانے کے لیے 99 قابلِ عمل اصلاحاتی اقدامات کی نشاندہی کی، جن میں سے 85 اقدامات مکمل کرلیے گئے ہیں، ڈریجنگ کے عمل میں خود انحصاری بڑھاتے ہوئے بندرگاہوں کی مطلوبہ گہرائی برقرار رکھنے کی صلاحیت حاصل کرلی گئی ہے، جبکہ ڈریجنگ کی استعداد میں مزید توسیع کرکے بحری جہازوں کی آمدورفت اور کارگو فلو بہتر بنانے کا منصوبہ بھی بنایا گیا ہے۔بندرگاہی اصلاحات کے نتیجے میں مالی وصولیوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔گزشتہ سال 3 ارب روپے کے مقابلے میں رواں سال 7 ارب روپے ریکور کیے گئے ہیں۔میری ٹائم ٹاسک فورس کی سفارشات پر طویل عرصے سے رکے ہوئے 2 ہزار سے زائد کنٹینرز کو آف ڈاک ٹرمینلز منتقل کردیا گیا ہے، اسی طرح برآمد کنندگان کے ڈیوٹی ڈرابیک کلیمز کے 90 فیصد عمل کو آن لائن نظام کے ذریعے خودکار بنایا جا رہا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ پاکستان سنگل ونڈو کے تحت پورٹ کمیونٹی سسٹم کا ڈیجیٹل فریم ورک تیار کرکے بندرگاہی عمل کو مزید تیز اور شفاف بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ	سحر	28

کاری کے فروغ و تحفظ کے معاہدے (FIPA) پر مذاکرات تیز کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔فیپا مذاکرات کا آئندہ دور اکتوبر کے پہلے ہفتے میں منعقد کرانے پر بات چیت کی گئی۔وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کینیڈا کے ساتھ سرمایہ کاری معاہدے کو جلد حتمی شکل دینے کا خواہاں ہے، سرمایہ کاروں کے جائز تحفظات دور کرکے سازگار کاروباری ماحول یقینی بنائیں گے۔

بقیہ	سحر	29

قیادت اور قانون کی عملداری بنیادی امر ہے۔انہوں نے عالمی یوم جمہوریت پر اپنے پیغام میں کہا کہ عالمی یوم جمہوریت منانے کا مقصد جمہوری اقدار کی اہمیت اجاگر کرنا ہے، جمہوریت محض سیاسی نظام نہیں بلکہ ترقی میں عوام کے فعال کردار کا مسلسل عمل کا نام ہے۔انہوں نے کہا کہ جمہوریت ایک مسلسل سفر ہے جس کی منزل متوازن فلاحی معاشرہ ہے

بقیہ	سحر	30

وکلا برادری کو درپیش مسائل، قانون و انصاف سے متعلق امور اور ان کے حل کیلئے ممکنہ اقدامات پر مشاورت کی گئی۔ملاقات میں پنجاب بار کونسل کے اراکین سید غضنفر عباس بخاری اور ملک صبح صادق اعوان ایڈووکیٹ سمیت لیہ، میانوالی اور پلیاں سے تعلق رکھنے والے دیگر وکلا نے بھی شرکت کی۔وکلا رہنماؤں نے وفاقی وزیر قانون کو اپنی برادری کو درپیش مختلف مسائل اور معاملات سے آگاہ کیا جبکہ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ان کے موقف کو توجہ سے سنا۔ملاقات کے دوران قانون اور انصاف کے شعبے سے متعلق مختلف امور بھی زیر بحث آئے اور وکلا برادری کے جائز مسائل کے حل کیلئے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔اس موقع پر وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ وکلا برادری قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، حکومت وکلا برادری کے جائز مسائل کے حل کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ	سحر	31

محسن نقوی سے ون آن ون ملاقات کی جبکہ پاک لبنان وزرائے داخلہ کے درمیان وفود کی سطح پر بھی مذاکرات ہوئے

بقیہ	سحر	32

صورتحال سے نمٹنے کے پیشگی انتظامات پر بریفنگ دی۔وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر ہدایت کی کہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں عوام کو ہر ممکن امداد اور ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے بارشوں کے دوران رابطہ سڑکوں اور پلوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے اور امدادی سامان کی ترسیل کیلئے متعلقہ محکموں کے ساتھ روابط بڑھانے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ	سحر	33

بھیجی جانے والی ترسیلات زرقومی معیشت کے لیے انتہائی اہم ہیں، اس لیے بیرون ملک پاکستانیوں کے حقوق، عزت اور فلاح و بہبود کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری اور قومی فریضہ ہے۔

بقیہ	سحر	34

ہیں۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے جمہوریت کی حفاظت کیلئے سب سے زیادہ قربانیاں دیں۔جمہوریت صرف الیکشن کا نام نہیں، یہ عوام کے حقوق اور عزت کا نام ہے۔قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو نے قوم کو ووٹ کا حق اور متفقہ آئین دیا۔شہید بے نظیر بھٹو نے آمریت کے اندھیرے میں جمہوریت کی روشنی بحال کی۔صوبائی خودمختاری کے لئے اٹھارہویں ترمیم پیپلز پارٹی کا تاریخی کارنامہ ہے

بقیہ	سحر	35

سروے میں ہوا ہے۔سروے کے مطابق 33 فیصد افراد نے وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے جبکہ 23 فیصد نے قومی احتساب بیورو پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔اس کیبر عکس پارلیمنٹ پر 15 فیصد افراد، صوبائی حکومتوں پر 17 فیصد، بلدیاتی حکومتوں پر 18 فیصد نے اعتماد کیا۔سروے کے مطابق ایف بی آر، مقامی عدالتوں اور پولیس پر اعتماد کا اظہار کرنے والوں کی شرح 22 فیصد دیکھی گئی۔سروے میں 18 فیصد نے سرکاری اداروں میں رشوت ستانی کا سامنا کرنے کا کہا، البتہ 77 فیصد نے انکار کیا۔حیران کن طور پر کرپشن کے خلاف 31 فیصد نے سب سے پہلے پولیس، جس کے بعد 19 فیصد نے نیب، 14 فیصد نے عدالتوں جبکہ 13 فیصد نے ایف آئی سے رابطہ کرنے کا کہا حالانکہ سروے میں پولیس پر اعتماد کرنے والوں کی شرح ایف آئی اے اور نیب سے کم دیکھی گئی۔

بقیہ	سحر	36

نے پڑتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ یہ نظام مفلوج ہوچکا ہے اور مسائل کے حل کیلئے پنجاب میں کم از کم 6 سے 10 صوبے بننے چاہئیں، صوبائی بجٹ میں جنوبی پنجاب کا حصہ 35 فیصد بنتا ہے، مگر اسے صرف 12 فیصد حصہ دیا گیا ہے۔دوسری جانب بہتر گورننس، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے حسن ابدال کے شہریوں نے بھی نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ کیا۔مقررین نے کہا کہ پاکستان کی بقا اور ملک بھر میں یکساں ترقی کے مواقع فراہم کرنے کیلئے نئے صوبوں کا قیام بہت ضروری ہوچکا ہے، عوام کو بااختیار بنانے کیلئے نئے صوبوں کے قیام کے ساتھ ساتھ بااختیار بلدیاتی نظام بھی قائم کیا جائے۔

بقیہ	سحر	37

ابر اور چارسدہ میں متعدد مویشی متاثر ہوئے ہیں جب کہ کئی جانور ہلاک ہوگئے۔صوابی کی تحصیل رزڑ میں گزشتہ ایک ماہ سے بیماری پھیلنے کی اطلاعات ہیں جہاں یار حسین، یعقوبی، دوبیان اور دیگر علاقوں میں سیکڑوں مویشی متاثر ہوئے ہیں۔ڈپٹی کمشنر صوابی ڈاکٹر طارق اللہ کے مطابق ضلع میں مویشیوں کی مجموعی تعداد 2 لاکھ 68 ہزار 699 ہے جب کہ کبھی اسکن سے بچا کیلئے محکمہ لائیو اسٹاک کی ویکسینیشن مہم جاری ہے۔ان کے مطابق 7 جولائی سے 14 ستمبر تک مویشیوں کو ویکسین کی 14 ہزار 100 خوراکیں دی جاچکی ہیں جب کہ مزید 850 خوراکیں دستیاب ہیں، اس کے علاوہ مویشی پال افراد نے نجی طور پر بھی تقریباً 40 ہزار مویشیوں کی ویکسینیشن کرائی ہے۔دوسری جانب جنوبی وزیرستان اپر کی تحصیل کانی گرم میں کبھی اسکن سے 3 گائے ہلاک جب کہ درجنوں جانور متاثر ہوئے ہیں جہاں ویکسینیشن کا عمل جاری ہے۔چار سدہ میں بھی ویکسینیشن کے باوجود کبھی اسکن کے 3 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔

بقیہ	سحر	38

نے کہا کہ حادثات کی صورت میں متاثرین کو فوری طبی امداد فراہم کرنے اور انہیں صحت کی سہولیات تک منتقل کرنے کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی تمام ایمبولینسز کو جلد میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 کے کنٹرول اینڈ کمانڈ سسٹم سے منسلک کردیا جائے گا۔جدید ایمبولینس سسٹم کے ذریعے صوبے کے دور دراز علاقوں میں بھی ہنگامی طب

لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

آئین، پارلیمان اور ووٹ ہی پاکستان کی اصل ضمانت ہیں، راجہ پرویز اشرف

پیپلز پارٹی نے جمہوریت کی حفاظت کیلئے سب سے زیادہ قربانیاں دیں۔ جمہوریت صرف الیکشن کا نام نہیں، یہ عوام کے حقوق اور عزت کا نام ہے، قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو نے قوم کو ووٹ کا حق اور متفقہ آئین دیا

پارلیمان کی بالادستی کیلئے پیپلز پارٹی ہمیشہ جدوجہد کی ہے۔ 18ویں ترمیم کے ذریعے پیپلز پارٹی نے صوبوں کو مالی خودمختاری دلوائی، سابق وزیراعظم

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف، جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ اور سیکرٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب شہزاد سعید چیمہ نے کہا ہے کہ جمہوریت صرف الیکشن کا نام نہیں، یہ عوام کے حقوق اور عزت کا نام ہے، آئین، پارلیمان اور ووٹ ہی پاکستان کی اصل ضمانت ہیں۔ راجہ پرویز اشرف نے جمہوریت کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستانی قوم کے لئے 1973ء کا آئین پیپلز پارٹی کا سب سے بڑا جمہوری تحفہ ہے۔ جمہوریت ہمارا مسلک اور عوام ہماری اصل طاقت ہیں۔ آئین، پارلیمان اور ووٹ ہی پاکستان کی اصل ضمانت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال ملاقات کرتے ہوئے

سندھ حکومت نئے صوبوں کے حق میں نہیں، فاروق ستار

سندھ اسمبلی میں لوکل گورنمنٹ ایکٹ نامناسب وقت پر سازش کے طور پر لایا گیا، ایکٹ آرٹیکل 140اے کی نفی ہے، گفتگو

موجودہ صورتحال میں صوبوں کے حوالے سے مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے مختلف بیانات سامنے آئے ہیں

کراچی (اے ایف پی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ حکومت نئے صوبوں کے حق میں نہیں، نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس سے بچنے کیلئے تبدیلیاں کی جارہی ہیں۔ ایک انٹرویو میں فاروق ستار کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کو تو وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کرنا چاہیے، 18 سال میں پیپلز پارٹی نے سندھ میں تباہی مچائی، اب اگر ان کا بوجھ بانٹا جارہا ہے تو ان کو خوش ہونا چاہیے، انتظامی یونٹس سے جواب دہی کا معاملہ آسان ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اسمبلی میں لوکل گورنمنٹ ایکٹ نامناسب وقت پر سازش کے طور پر لایا گیا۔ لوکل گورنمنٹ ایکٹ آرٹیکل 140اے کی نفی ہے۔ ایم کیو ایم کے رہنما نے مزید کہا کہ سندھ حکومت نے کراچی کو کھنڈرات میں تبدیل کر دیا ہے، مارچ میں سندھ بلدیاتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

پاکستانی بحری شعبے میں خودانحصاری و جدیدیت کا آغاز، وصولیاں 3 ارب سے بڑھ کر 7 ارب ہوگئیں

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت پاکستانی بحری شعبے میں خود انحصاری اور جدیدیت کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں بندرگاہی کارکردگی، تجارت اور کارگو کی ترسیل میں نمایاں بہتری آرہی ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات نے بندرگاہی آپریشنز بہتر بنانے کے لیے 99 قابلِ عمل اصلاحاتی اقدامات کی نشاندہی کی، جن میں سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

ملک بھر میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ زور پکڑ گیا

رحیم یار خان کے کسان کو انصاف، تعلیم اور اپنے مسائل کے حل کیلئے لاہور کے چکر لگانے پڑتے ہیں، خالد محمود کھوکھر

اسلام آباد (اے ایف پی) ملک کے مختلف شہروں میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ زور پکڑ گیا۔ کسانوں، تاجروں سمیت ملک کے مختلف مکاتب فکر کے افراد نے پائیدار ترقی اور بہتر انتظامی امور کیلئے نئے صوبوں کے قیام کو ناگزیر قرار دے دیا۔ رحیم یار خان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے صدر پاکستان کسان اتحاد خالد محمود کھوکھر نے نئے صوبوں کے قیام کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا کہ رحیم یار خان کے کسان کو انصاف، تعلیم اور اپنے مسائل کے حل کیلئے لاہور کے چکر لگا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

ملک میں ایف آئی اے اور نیب پر مکمل اعتماد کرنیوالوں کی شرح منتخب اور انتظامی اداروں سے زیادہ

اسلام آباد (اے ایف پی) ملک میں ایف آئی اے اور نیب پر مکمل اعتماد کرنے والوں کی شرح منتخب اور انتظامی اداروں سے زیادہ ہے۔ یہ انکشاف اسٹیٹ فار پبلک اوپینین ریسرچ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کا آغاز، دارالحکومت میں سستے پیٹرول کی فراہمی شروع

آئی ٹی شزہ فاطمہ نے رات دیر گئے اسلام آباد کے مختلف پیٹرول پمپس کا سرپرائز وزٹ کیا

کامیاب رجسٹریشن کے لیے فراہم کردہ رجسٹریشن کے طریقے کو مکمل طور پر فالو کریں، وفاقی وزیر

رجسٹریشن کا عمل صرف ایک بار ہی کیا جائے بار بار دہرانے کی ضرورت نہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کا آغاز، دارالحکومت میں سستے پیٹرول کی فراہمی شروع ہوگئی، وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ نے رات دیر گئے اسلام آباد کے مختلف پیٹرول پمپس کا سرپرائز وزٹ کیا، دورے کے دوران سیکرٹری آئی ٹی اور اسلام آباد انتظامیہ کے اعلیٰ افسران بھی وفاقی وزیر کے ہمراہ تھے، وفاقی وزیر نے شہریوں سے رجسٹریشن اور فیول ریلیف کے حصول میں پیش آنے والے مسائل سے متعلق دریافت کیا، وفاقی وزیر نے عوام کو چند اہم درست رجسٹریشن کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی، وفاقی وزیر نے کہا کہ کامیاب رجسٹریشن کے لیے فراہم کردہ رجسٹریشن کے طریقے کو مکمل طور پر فالو کریں، رجسٹریشن کا عمل صرف ایک بار ہی کیا جائے بار بار دہرانے کی ضرورت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں کیمپی اسکن کی وبا سے سیکڑوں مویشی متاثر، کئی ہلاک ہوگئے

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں مویشیوں میں کیمپی اسکن کی بیماری پھیلنے لگی، صوابی، جنوبی وزیرستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

60 ارب کی سبسڈی دے رہے ہیں تو پیٹرول 60 روپے سستا کر دیں

مفتاح اسماعیل

سبسڈی کے بجائے پیٹرولیم لیوی کم کی جائے، حکومت اپنے اخراجات گھٹائے، سابق وزیر خزانہ؛ پیٹرول پر لیوی ہونی چاہیے مگر اتنی زیادہ نہیں، سابق وزیر خزانہ

رواں سال ریفائنریوں کے منافع میں نمایاں اضافہ ہوا اور بحران کے دوران سب نے فائدہ اٹھایا، تاہم حکومت کے اخراجات میں کمی نہیں کی گئی

کراچی (بیورو رپورٹ) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے حکومت کی جانب سے پیٹرول پر 50 سے 60 ارب روپے کی سبسڈی دینے کے فیصلے پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اتنی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

لاہور: غیر ملکی خواتین نیشنل کالج آف آرٹس میں نمائش دیکھ رہی ہیں

پیسے نہ دینے پر ماں کو قتل کرنے والے بیٹے کو سزائے موت

پشاور (بیورو رپورٹ) سیشن کورٹ نے پیسے نہ دینے پر ماں کو قتل کرنے کا جرم ثابت ہونے پر ملزم امتیاز کو سزائے موت سنادی۔ مقدمے کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج رفیع اللہ نے کی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

میر رضا کیس، آسٹریلیا میں مقیم دوست حسن تنولی کا بیان ریکارڈ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) میر رضا کیس میں بننے والے جوڈیشل کمیشن میں آسٹریلیا میں مقیم میر رضا کے دوست حسن تنولی کا ویڈیو لنک کے ذریعے بیان ریکارڈ کر لیا گیا۔ میڈیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

راولپنڈی کے نالہ لئی میں کٹاریاں کے مقام پر پانی کی سطح ساڑھے 5 فٹ ریکارڈ کی گئی، نشیبی علاقے زیر آب، کراچی میں بھی بادل برسے

اسلام آباد/راولپنڈی/کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک کے مختلف شہروں میں بادل برس پڑے، اسلام آباد اور راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش سے موسم خوشگوار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

اپوزیشن کو گنجائش دی جائے تو 27 ستمبر کو لانگ مارچ جیسے حالات سے بچا جاسکتا ہے، فواد چوہدری

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے 27 ستمبر سے پہلے سیاسی کشیدگی کم کرنے کے لیے حکومت کو اپوزیشن کو سیاسی گنجائش دینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کو ہسپتال جانے کی اجازت، بشریٰ بی بی کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

شوگر ملز ایسوسی ایشن کے عہدیدار (آج) اہم پریس کانفرنس کرینگے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے عہدیدار آج (بدھ) صبح ساڑھے 10 بجے اہم پریس کانفرنس کریں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

بلوچستان میں ایمرجنسی سروس جدید بنانے کا فیصلہ، 9 نئی ایمبولینسز شامل کر لی گئیں

ایمرجنسی ریسپانس سافٹ ویئر کے ذریعے بلوچستان بھر کی ایمبولینسز کی موثر ڈیجیٹل ٹریکنگ ممکن ہوگی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (اے ایف پی) صوبائی حکومت نے بلوچستان میں ایمرجنسی ایمبولینس سروسز کو جدید بنانے کیلئے اہم اقدامات کرتے ہوئے کوئٹہ میں میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹر 1122 کی استعدادِ کار بڑھانے کیلئے جدید سہولیات سے لیس 9 نئی ایمبولینسز شامل کر دیں۔ جدید سہولیات سے لیس ایمبولینسز حادثات، قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی حالات میں عوام کو فوری اور بروقت طبی امداد فراہم کرنے کیلئے استعمال کی جائیں گی۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ایمرجنسی ریسپانس سافٹ ویئر کے ذریعے بلوچستان بھر کی ایمبولینسز کی موثر ڈیجیٹل ٹریکنگ ممکن ہوگی۔ انہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

میر رضا قتل کیس، تفتیشی افسر نے جوڈیشل کمیشن میں مزید دستاویزات جمع کرادیں

کراچی (اے ایف پی) میر رضا قتل کیس میں تفتیشی افسر ڈی ایس پی سراج لاشاری نے جوڈیشل کمیشن میں مزید دستاویزات جمع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

این ڈی ایم اے کا ملک کے مختلف علاقوں میں ممکنہ سیلاب کا الرٹ جاری

17 ستمبر 2026 تک گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا، پنجاب اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں متوقع بارش کے نتیجے میں سیلاب کا خطرہ

متعلقہ اداروں کو ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے پیشگی تیاری کی ہدایت کی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی) کی جانب سے ملک کے مختلف علاقوں میں ممکنہ سیلاب کا الرٹ جاری کر دیا گیا ہے، 17 ستمبر 2026 تک گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا، پنجاب اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں متوقع بارش کے نتیجے میں سیلاب کا خطرہ ہے۔ منگل کو این ڈی ایم اے سے جاری بیان کے مطابق بالائی علاقوں میں متوقع بارشوں کے باعث دریاں اور ندی نالوں کے بہاؤ میں اضافے کا خدشہ ہے، گلگت بلتستان میں گلگت، دیامر، غذر، اشکومن، گپس یاسین، نگر، ہنزہ، شمشال، اسکردو اور شگر کے علاقوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

نواب شاہ، سابق صوبائی وزیر کا اغوا، زرداری ہاؤس کے انچارج سمیت 9 افراد مقدمے میں نامزد

نواب شاہ (اے ایف پی) نواب شاہ میں سابق صوبائی وزیر علی حسن جاٹھیو کے اغوا کے معاملے پر پولیس نے مقدمہ درج کرلیا، جس میں زرداری ہاؤس ٹنڈو آدم کے انچارج مظفر علی زرداری کو نامزد جبکہ 9 نامعلوم افراد کو بھی ملزم قرار دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں اغوا کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

لاہور: صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات گورنمنٹ گرلز ہائی سکول لدھر میں کلاس پڑھا رہے ہیں

ساہیوال، کالعدم تحریک طالبان کے دو دہشت گرد 4 کلو دھماکہ خیز مواد سمیت گرفتار

تخریبی کارروائی کے لیے اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں

ساہیوال (این این آئی) سی ٹی ڈی ساہیوال نے ساہیوال ملتان روڈ پر خوشی ولاز فتو موڑ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے کالعدم تنظیم تحریک طالبان فتن الخوارج کے دو دہشت گردوں مہتاب احمد اور محمد شاہد گل کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضے سے 4 کلوگرام دھماکہ خیز مواد، الیکٹرک سرکٹ، ڈیٹونیٹر، آئی ای ڈی، آہنی ڈبے اور دیگر تخریبی مواد برآمد کرلیا گیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے دونوں ملزمان کا 7 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے انہیں سی ٹی ڈی کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی ٹی ڈی کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ شولڈر بیگ اٹھائے کالعدم تنظیم کے دو دہشت گرد مشکوک حالت میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، پولیس اہلکار کی خاتون اسکوٹر سوار سے بدتمیزی، ویڈیو منظر عام پر آگئی

ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے خاتون نے بارش کے دوران پل کے نیچے شیلٹر لیا ہوا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ایکسپریس وے پر بارش کے دوران پولیس اہلکار کی خاتون اسکوٹر سوار سے بدتمیزی کی ویڈیو منظر عام پر آگئی۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ خاتون نے بارش کے دوران پل کے نیچے شیلٹر لیا ہوا ہے، پولیس اہلکار خاتون کو مسلسل اسکوٹر آگے کرنے کی ضد کر رہا ہے۔ خاتون نے پولیس اہلکار کو بتایا کہ بارش ہو رہی ہے، بارش رکنے دیں۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق سی ٹی او نے ٹریفک آفیسر کو شوکاز نوٹس جاری کر کے ایک دن میں جواب طلب کرلیا ہے۔ سی ٹی او نے ٹریفک افسران کو ہدایت کی کہ عوام کے ساتھ مہذب طریقے سے پیش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

لاہور: کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہولی فیملی ہسپتال میں 115 ملین روپے کا سیوریج منصوبہ تکمیل سے قبل ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگیا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہولی فیملی ہسپتال میں 115 ملین روپے کا سیوریج منصوبہ تکمیل سے قبل ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں

چوہدری شافع حسین کی چائنیز قونصلیٹ آمد، قونصل جنرل سن یان سے ملاقات، چینی کمپنیوں کی پنجاب میں سرمایہ کاری، دوطرفہ معاشی تعاون بڑھانے اور مختلف شعبوں میں اشتراک پر گفتگو

پنجاب میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول اور بہترین مواقع موجود ہیں، چینی قونصل جنرل مسٹر سن یان

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے چائنیز قونصلیٹ کا دورہ کیا اور چین کے قونصل جنرل مسٹر سن یان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں چینی کمپنیوں کی پنجاب میں سرمایہ کاری، دوطرفہ معاشی تعاون بڑھانے اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، ای وی سیکٹر، صنعت، زراعت اور دیگر شعبوں میں باہمی اشتراک بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ پنجاب میں ٹریکٹرز، سپر سیڈرز، ہارویسٹرز اور دیگر زرعی آلات کی تیاری میں تعاون بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب کے سپیشل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

کیپٹن محمد سہیل چوہدری نے بطور آئی جی اسلام آباد اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

نئے آئی جی اسلام آباد کی سنٹرل پولیس آفس آمد، افسران و جوانوں کی جانب سے پرتپاک استقبال

کرائم رپورٹر اسلام اباد (جمشید شفیق) کیپٹن محمد سہیل چوہدری نے بطور آئی جی اسلام آباد اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ نئے آئی جی اسلام آباد کی سنٹرل پولیس آفس آمد، افسران و جوانوں کی جانب سے پرتپاک استقبال۔ سنٹرل پولیس آفس میں کمان تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ کیپٹن محمد سہیل چوہدری نے باقاعدہ طور پر آئی جی اسلام آباد کا چارج سنبھال لیا۔ آئی جی اسلام آباد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

کیپٹن محمد سہیل چوہدری نے بطور آئی جی اسلام آباد اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

لاہور ہائیکورٹ نے 5 سال مسلسل کنٹریکٹ سروس کے بعد ریگولر ملازم پنشن کا حقدار قرار دیدیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری ملازمین کی پنشن سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے مسلسل پانچ سال کنٹریکٹ سروس کے بعد ریگولر ہونے والے ملازم کی دس سالہ مسلسل سروس پنشن کے لئے شمار کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے فوت ہونے والے سرکاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

منی لانڈرنگ کیس، پرویز الٰہی طبیعت کی خرابی کے باعث پیش نہ ہوسکے، سماعت 17 نومبر تک ملتوی

لاہور (کورٹ رپورٹر) سپیشل سینٹرل کورٹ میں ایف آئی اے کی جانب سے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی، مونس الٰہی اور دیگر کے خلاف منی لانڈرنگ کیس کی سماعت ہوئی۔ سابق وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی طبیعت کی خرابی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

اکیڈمک سیشن 2027-2026 کیلئے کالجوں اور اسکولوں کے الحاق کی تجدید کی تاریخوں کا اعلان

کراچی (بیورو رپورٹ) اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی نے اکیڈمک سیشن 2027-2026 کیلئے سرکاری و نجی کالجوں اور ہائیر سیکنڈری اسکولوں کے الحاق کی تجدید کیلئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی، پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے 2 نائب صدور عہدوں سے فارغ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پارٹی پالیسی اور ڈسپلن کی خلاف ورزی پر پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے 2 نائب صدور فیاض بھٹی اور مظہر عباس کھوکھر کو اپنے عہدوں سے ہٹا دیا گیا۔ جنرل سیکرٹری پی پی وسطی پنجاب سید حسن مرتضیٰ نے لاہور تنظیم کی سفارش پر یہ اقدام کیا ہے۔ نعمان حسین قریشی اور وارث علی جوئیہ کو پی پی لاہور ڈویژن کے نائب صدور مقرر کر دیا گیا ہے۔ پی پی وسطی پنجاب سیکرٹریٹ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے ہیں۔

اٹھارہ کروڑ روپے کی ادائیگی سے متعلق ثالثی ایوارڈ کے خلاف درخواست خارج

ثالثی ایوارڈ کو چیلنج کرنے کے لیے قانون میں متبادل قانونی راستہ موجود ہے، لاہور ہائیکورٹ

تحریری فیصلے کے مطابق ثالثی ایوارڈ کو چیلنج کرنے کے لیے قانون میں متبادل قانونی راستہ موجود ہے

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے 18 کروڑ روپے کی ادائیگی سے متعلق ثالثی ایوارڈ کے خلاف دائر رٹ درخواست ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے خارج کردی۔ عدالت نے قرار دیا کہ فریقین کی رضامندی سے ہونے والے ثالثی فیصلے کو براہِ راست آئینی درخواست کے ذریعے چیلنج نہیں کیا جاسکتا، ثالثی ایوارڈ کے خلاف قانون میں متبادل قانونی راستہ موجود ہے۔ جسٹس منور اقبال دوگل نے شہری حاجی محمد اسماعیل کی حکومت پنجاب اور دیگر کے خلاف دائر درخواست پر تحریری حکم جاری کردیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

کاروباری برادری کو اس وقت غیر معمولی مشکل حالات کا سامنا ہے، فہیم الرحمٰن سہگل

ٹیکس سال 2026 کے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر سے بڑھا کر کم از کم 31 اکتوبر کر دی جائے

ملک میں کاروباری لاگت پہلے ہی زیادہ ہیں جبکہ عالمی تجارت اور معاشی حالات میں بھی غیر یقینی صورتحال موجود ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹیکس سال 2026 کے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر سے بڑھا کر کم از کم 31 اکتوبر کر دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اضافی وقت دینے سے ٹیکس دہندگان کو سہولت ملے گی اور زیادہ سے زیادہ افراد و کاروبار ٹیکس ریٹرن جمع کرا سکیں گے۔ صدر لاہور چیمبر نے کہا کہ کاروباری برادری کو اس وقت غیر معمولی مشکل حالات کا سامنا ہے۔ ملک میں کاروباری لاگت پہلے ہی زیادہ ہیں جبکہ عالمی تجارت اور معاشی حالات میں بھی غیر یقینی صورتحال موجود ہے۔ جغرافیائی سیاسی کشیدگی، بدلتی ہوئی ٹیرف پالیسیوں اور عالمی سپلائی چین میں رکاوٹوں کے باعث عالمی تجارت کو بھی اہم چیلنجز درپیش ہیں۔ عالمی تجارتی تنظیم (WTO) نے حال ہی میں خبردار کیا ہے کہ عالمی تجارتی نظام میں بڑھتی ہوئی تقسیم کے سنگین معاشی اثرات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

پی ٹی آئی نے 27 ستمبر کو ملک گیر احتجاج، لانگ مارچ کیلئے پنجاب بھر میں تفصیلی لائحہ عمل تیار کرلیا

وسطی پنجاب میں لاہور، فیصل آباد کو احتجاج کا مرکزی مقام بنایا جائے گا، جنوبی پنجاب کے رہنما، کارکن خیبر پختونخواہ ہاؤس پہنچیں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے 27 ستمبر کو ملک گیر احتجاج اور لانگ مارچ کے لیے پنجاب بھر میں تفصیلی لائحہ عمل تیار کرلیا ہے، وسطی پنجاب میں لاہور اور فیصل آباد کو احتجاج کا مرکزی مقام بنایا جائے گا، جبکہ جنوبی پنجاب کے رہنما اور کارکن احتجاج میں شرکت کے لیے خیبر پختونخواہ ہاؤس کا رخ کریں گے۔ پی ٹی آئی ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پارٹی کے اندر مشاورت میں یہ طے کیا گیا ہے کہ ضلع لاہور، قصور، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، اوکاڑہ، ساہیوال اور پاکپتن کے رہنما اور کارکنان 27 ستمبر کو لاہور میں بھرپور احتجاج کریں گے۔ منصوبے کے مطابق 26 ستمبر کی رات ان اضلاع سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی اور کارکنان مال روڈ پر اکٹھے ہوں گے اور 27 ستمبر کو مال روڈ پر بڑے پیمانے پر احتجاج ہوگا۔ وسطی پنجاب کو لاہور میں شٹر ڈاؤن کی کال دینے کے حوالے سے مشاورت کی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق فیصل آباد میں بھی اسی روز بھرپور احتجاج ہوگا، جھنگ، چنیوٹ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

مقامی 2000 سی سی تک ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں پر عائد سیلز ٹیکس میں کمی

ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں پر عائد 25 فیصد سیلز ٹیکس کے بجائے 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے مقامی طور پر تیار ہونے والی 2000 سی سی تک ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں پر عائد سیلز ٹیکس میں کمی کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق مقامی طور پر تیار ہونے والی 2000 سی سی تک ہائبرڈ الیکٹرک گاڑیوں پر 25 فیصد بجائے اب 18 فیصد سیلز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

لاہور ٹیکس بار کا آئرس سسٹم میں تکنیکی خرابیوں پر شدید تحفظات کا اظہار

موجودہ صورتحال میں 30 لاکھ گوشوارے جمع ہونا بھی مشکل نظر آرہا ہے، عہدیداران

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن آئرس سسٹم میں پیدا ہونے والی تکنیکی خرابیوں پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تکنیکی مسائل اور بار بار سسٹم ڈاؤن ہونے کے باعث ٹیکس دہندگان اور ٹیکس پریکٹیشنرز کو انکم ٹیکس گوشوارے فائل کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

موسم کی تبدیلی کے ساتھ کراچی میں انفلوئنزا کے کیسز میں اضافہ

بخار، سردرد، کپکپاہٹ، نزلہ زکام خشک کھانسی اور جسم و پٹھوں میں درد انفلوئنزا کی علامات ہیں، رپورٹ

بیماری کی علامات رکھنے والے افراد دوسروں سے فاصلہ رکھیں، بار بار ہاتھ دھوئیں اور صفائی کا خاص خیال رکھیں، ماہرین کا مشورہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) موسم کی تبدیلی کے ساتھ کراچی میں انفلوئنزا کے کیسز میں اضافہ رپورٹ کیا جارہا ہے۔ شہر کے سرکاری و نجی ہسپتالوں میں انفلوئنزا کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، بخار، سردرد، کپکپاہٹ، نزلہ زکام خشک کھانسی اور جسم و پٹھوں میں درد اس کی علامات ہیں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

مریم کو سرصوبوں سے خطرہ، مجھے پنجاب سے نہیں، سہیل آفریدی

مریم نواز کو پنجاب کے عوام نے مسترد کیا، وزیراعلیٰ جعلی ووٹوں سے اقتدار پر بیٹھی ہیں: وزیراعلیٰ کے پی

پنجاب پولیس نے میلاد کی تیاری کرنے والے اشتیاق احمد کو شہید کیا، مجھے پنجاب پولیس سے سکیورٹی نہیں چاہیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے کہا کہ مریم نواز کو دوسرے صوبوں سے خطرہ ہے، مجھے پنجاب کے لوگوں سے خطرہ نہیں۔ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے لاہور میں دو موریہ پل پر پارٹی کارکنوں سے گفتگو میں کہا پنجاب میرا اور میں پنجابیوں کا ہوں، مریم نواز کو پنجاب کے عوام نے مسترد کیا، وزیراعلیٰ جعلی ووٹوں سے اقتدار پر بیٹھی ہیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ پنجاب پولیس نے میلاد کی تیاری کرنے والے اشتیاق احمد کو شہید کیا، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سے چین کے قونصل جنرل مسٹر سن یان ملاقات کرتے ہوئے

این سی اے لاہور میں سیلاب سے متاثرہ کم عمر دلہنوں کی تصویری نمائش کا افتتاح

افتتاحی تقریب میں وائس چانسلر این سی اے پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری سمیت فنونِ لطیفہ، ثقافت اور تعلیم سے وابستہ افراد نے شرکت کی

نمائش 18 ستمبر تک ظہور الاخلاق گیلری، این سی اے لاہور میں جاری رہے گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) این سی اے لاہور میں سیلاب سے متاثرہ کم عمر دلہنوں کی تصویری نمائش کا افتتاح۔ نیشنل کالج آف آرٹس لاہور کی ظہور الاخلاق گیلری میں فرانسیسی فوٹوگرافر ایزابو دی روفیبیاک کی دستاویزی فوٹوگرافی پر مبنی نمائش ''دی ٹو ینگ مون سون برائیڈز'' کا افتتاح کر دیا گیا۔ نمائش کا اہتمام الائنس فرانزیز لاہور نے پاکستان میں فرانسیسی سفارتخانے اور نیشنل کالج آف آرٹس کے اشتراک سے کیا۔ افتتاحی تقریب میں وائس چانسلر این سی اے پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری سمیت فنونِ لطیفہ، ثقافت اور تعلیم سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ نمائش میں سیلاب سے متاثرہ کم عمر دلہنوں کی زندگیوں اور قدرتی آفت کے بعد پیدا ہونے والے سماجی و انسانی مسائل کو تصاویر کے ذریعے اجاگر کیا گیا ہے۔ فرانسیسی فوٹوگرافر ایزابو دی روفیبیاک کی تصاویر سیلاب کی تباہ کاریوں کے ساتھ ساتھ ان نوجوان خواتین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

لاہور: نیشنل کالج آف آرٹس میں منعقدہ نمائش ''دی ٹو ینگ مون سون برائیڈز'' کا فرانسیسی سفیر نیکولی